www.KitaboSunnat.com


# فہرست

| | |
|---|---|
| پیش لفظ: ڈاکٹر صہیب حسن۔لندن | ۶ |
| عرض مولف | ۱۰ |
| قریب تر با من ونزدیک تر بسعادت | ۱۲ |
| الہام ومکاشفہ | ۲۱ |
| نزول مسیح | ۳۲ |
| الصارم الربانی علی اسراف القادیانی | ۳۶ |
| مرزا قادیانی اور نبوت | ۷۶ |
| ہم نے مرزا کو کیوں چھوڑا؟ | ۹۱ |
| ایک مراسلت | ۱۰۰ |
| قادیانی درخواست جون و جولائی ۱۹۰۰ء کا جواب | ۱۰۲ |
| فتوی جواز امامت مرید قادیانی میں دھوکہ بازی | ۱۱۶ |
| پرافٹ قادیان کی پیش گوئی ۲۱ نومبر ۱۸۹۹ء | ۱۲۳ |
| اہلحدیث اور قادیانیت | ۱۳۶ |
| براہین پنجم میں قادیانی کا بٹالوی رحمہ اللہ سے خطاب | ۱۴۴ |
| افادة الافهام | ۱۵۰ |
| دکھانے کے دانت | ۱۵۰ |
| کھانے کے دانت | ۱۶۸ |
| مسمریزم اور معجزہ | ۱۹۱ |
| عقلی معجزات | ۲۰۲ |
| آسمانی نشانات | ۲۰۵ |
| قادیانی معجزات کی حقیقت | ۲۱۱ |

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| قادیانی الہامات کی حقیقت | ۲۲۵ |
| عبداللہ آتھم کے متعلق پیش گوئی | ۲۳۲ |
| لیکھ رام کے متعلق پیش گوئی | ۲۴۸ |
| محمدی بیگم والی پیش گوئی | ۲۵۰ |
| بٹالوی، تبتّی، زٹلی کے متعلق پیش گوئی | ۲۶۱ |
| نشان دکھانے کی پیش گوئی | ۲۶۷ |
| ثناء اللہ کے قادیان نہ آنے کی پیش گوئی | ۲۷۷ |
| باعث شرم قادیانی تحقیقات | ۲۸۶ |
| نبی اور محدث | ۲۹۲ |
| بروز | ۳۰۱ |
| اخبار اہل حدیث امرتسر اور قادیانی دریچہ | ۳۴۶ |
| عبدالعزیز کوموی اور تکفیر مرزا | ۳۴۶ |
| ایک غلطی کا ازالہ | ۳۵۰ |
| قادیانی کا نسب | ۳۵۸ |
| قادیانی تصانیف کی ضخامت | ۳۵۸ |
| مباحثہ مابین ابراہیم میر و مبارک علی قادیانی | ۳۵۹ |
| مرزا قادیانی کا حج البیت | ۳۷۴ |
| مرزا قادیانی کا لیکچر سیالکوٹ میں | ۳۸۳ |
| قادیانی تضاد بیانی | ۳۹۳ |
| قادیانی خطاب بہ ثناء اللہؒ امرتسری | ۳۹۴ |
| مرزا قادیانی دہلی میں: ۱۹۰۵ء | ۴۰۹ |
| دس سوالوں کے جواب از حکیم نورالدین | ۴۴۱ |
| چند قادیانی مکتوبات | ۴۴۴ |
| قادیان بمقابلہ بریلی | ۴۵۸ |
| چند کتابوں پر قادیانی تبصرے | ۴۶۶ |


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# پیش لفظ

ہمارے ممدوح جناب ڈاکٹر بہاء الدین کی سلسلہ ،تحریک ختم نبوت ،کی تیرھویں جلد میرے سامنے ہے قبل اس کے کہ میں اس کتاب کے صوری اور معنوی محاسن پر خامہ فرسائی کروں، چاہتا ہوں کہ تحریک ختم نبوت سے اپنی شعوری وابستگی ،علمی قربت ،اور عملی جد وجہد کا ایک خاکہ قارئین کے سامنے پیش کرتا چلوں۔

تحریک ختم نبوت کا میرے لوح دماغ پر پہلا عکس غالبًا میری عمر کے گیارھویں سال (۱۹۵۳ء) کا رہین منت ہے۔میں ساتوں جماعت کا طالب علم تھا،سیالکوٹ شہر کے ایک دومنزلہ مکان کی کھڑکی سے گلی کا شور وغل ہم سب اہل خانہ کیلئے باعث تشویش ہوا۔دیکھا کہ گلی میں لوگوں کا ہجوم تکبیر کے فلک شگاف نعروں کی گونج میں آگے بڑھ رہا ہے،لوگوں کے کندھوں پر جنازے ہیں، ایک کے بعد دوسرا کفن،کفن کی لالی خون شہداء کی فراوانی کا غماز تھی۔ہمیں بتایا گیا کہ یہ ان جوانوں کے جسد خاکی ہیں جو ہمارے پیارے رسول ﷺ کی ختمی مرتبت پر نثار ہو گئے ۔ یہ وہ نفوس پاکیزہ ہیں جو تحریک ختم نبوت کو گولیوں کی بوچھاڑ سے ختم کرنے کی ناپاک ،لیکن لاحاصل مہم کے نتیجہ میں نخل حیات سے کٹ کر گر چکے ہیں۔ مڈل کلاس کے طالب علم کے ذہن پر مرتسم ہونے والا یہ دھندلا سا عکس مرور ایام کے سے اجلا ہوتا گیا۔

عصری اور پھر عربی تعلیم وتعلم کے مراحل طے ہوتے گئے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ سے فراغت (۱۹۶۶ء) کے بعد تدریس وتبلیغ کا داعیہ مشرقی افریقہ کے مرغزاروں کی سیر کرا گیا۔نیروبی میں اپنے مسکن سے شہر جاتے وقت سڑک کے دائیں طرف ایک ویران مسجد کے مینار نظر آتے ، یہاں سناٹا سا چھایا دیکھا،معلوم ہوا کہ نیروبی کے قادیانی مشن کا ہراول دستہ ہے۔شہر میں مسلمانوں کی جامع مسجد ہندوستانی طرز تعمیر کے مینار اور گنبد پر مشتمل تھی،اس مسجد سے متصل لائبریری اس مسجد کے اولین بانی امام عبداللہ غزنوی کے نام سے موسوم تھی۔لائبریری کی مقفول المار یاں غالبًا میری منتظر تھیں۔ مجھے وہاں کیا کیا گوہر نایاب ہاتھ آئے وہ ایک علیحدہ موضوع ہے،لیکن ایک شیلف میں مولانا ثناء اللہ امرتسری کے ہفت روزہ اخبار اہل حدیث امرتسر کی پرانی جلدیں میرے لئے ایک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نعمت غیر مترقبہ تھیں، میں بیسویں صدی کے اوائل کے پرچے دیکھ رہا تھا جن میں مولانا امرتسریؒ اور مدعی نبوت کا ذبہ غلام احمد قادیانی کے مابین مباحثات ومناظرات کا باب کھلا نظر آ رہا تھا۔ مرزا قادیانی کے آخری فیصلہ کے اشتہار اور پھر ۱۹۰۸ء کے پرچوں میں صادق سے پہلے کاذب کی ہلاکت کی خبر مجھے بیسویں صدی کے اوائل کی سیر کراتی گئی۔

۱۹۷۶ء میں لندن منتقلی کے بعد جہاں اس ملک میں مسلمانوں کی دعوتی تبلیغی اور تدریسی سرگرمیوں کا بالمشافہ علم ہوا وہاں ووکنگ کی شاہ جہان مسجد کے سابق امام جناب بشیر مصری سے ذاتی ملاقاتیں اور پھر التقوی کے مدیر جناب حسن بن محمود عودة (سابق قادیانی مبلغ) کے ذاتی تجربات نے اس جماعت سے متعلق بہت سے مخفی گوشے اجاگر کیے۔ میرے قلم سے انہی دنوں، قادیانیت کی حقیقت، پر ایک پمفلٹ قرآن سوسائٹی کے زیر اہتمام شائع ہوا جسے بعد ازاں انگریزی میں Truth About Ahmadiat اور عربی میں بعنوان، القادیانیہ فی المیزان، شائع کرنے کی توفیق ہوئی۔

اور اس دوران میری لائبریری میں ختم نبوت کے موضوع پر کتابوں، رسائل، اور مختلف تحریروں کا اضافہ ہوتا رہا۔ قادیانیت کے ہفوات کی تردید میں مولانا محمد عبداللہ معمارؒ کی محمدیہ پاکٹ بک، پروفیسر الیاس برنیؒ کی، قادیانی مذہب کا علمی محاسبہ، اور مولانا حکیم عبدالرحیم اشرفؒ کی یادداشت یا فائل حوالہ جات جس میں قادیانی زعماء کی تحریروں کے عکس شائع کیے گئے ہیں، میرے لئے سرمایہ افتخار رہے۔

سرزمین مغربی افریقہ کے ایک صاحب علم دوست بابا آدم مرحوم کی دعوت پر گھانا کا خصوصی سفر کیا جہاں ان کے دار العلوم کے طلبہ کو قادیانیت کی حقیقت کے بارے میں کئی لیکچر دینے کا اعزاز حاصل ہوا۔ ایام نیروبی کے دوران پاکستان کی ایک زیارت میں شوق جستجو ربوہ بھی لے گیا جہاں جماعت احمدیہ کا مکتبہ اور پھر خاک اڑاتا بہشتی مقبرہ بھی نظر نواز ہوا۔

قادیانیت کے بارے میں اب مجھے کسی ضخیم کتاب کی توقع نہ تھی لیکن کیا دیکھتا ہوں کہ انگلینڈ کے شمالی افق سے ایک ذرہ تابناک اس موضوع کا اس وارفتگی اور وسعت کے ساتھ احاطہ کرتا نمودار ہوا کہ تیرھویں جلد تک اس کا پہنچ جانا گویا ہلال کا بدر کی شکل میں نمودار ہونا ہے۔

جناب بہاء الدین نے مرزا کے دعوی مسیح (سال ۱۸۹۱ء) سے تحریک ختم نبوت کے ہراول دستے کی حکایت سے آغاز کیا تھا پہلی جلد پہلے چھ سال تک کے وقائع پر مشتمل تھی دوسری جلد میں یہ سلسلہ بیسویں صدی کے اوائل اور تیسری جلد میں ۱۹۱۲ء تک کے واقعات کا احاطہ مقصود تھا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


لیکن پھر جو حکایت دراز ہونا شروع ہوئی تو اب تیرھویں جلد اس عالم میں طلوع ہو رہی ہے کہ بات ابھی مرزا غلام احمد قادیانی کی ہلاکت سے تجاوز نہیں کر پائی ہے۔

پچھلی جلدوں کی تقریظات، تبصروں اور تاثرات میں متعدد اہل فکر ونظر نے ان تمام جلدوں کے موضوعات کی طرف بالتفصیل اشارہ کیا ہے۔ قند مکرر کے طور پر عرض ہے کہ ان تیرہ جلدوں کے مباحث کو اگر الگ الگ ترتیب دیا جائے تو انہیں مندرجہ ذیل موضوعات کے تحت سمیٹا جا سکتا ہے۔

۱۔ مرزا غلام احمد قادیانی کے مختلف دعووں جیسے تجدید، مہدویت، مسیحیت اور پھر نبوت کا تدریجی ارتقاء، مرحلہ بمرحلہ بیان ہوتا چلا گیا ہے

۲۔ مولانا محمد حسین بٹالویؒ کے مباحثہ لدھیانہ (۱۸۹۱ء) سے لے کر ان تمام مباحثوں مناظروں اور مجادلات کی تفصیل اس کتاب میں سمو دی گئی ہے جو علم الکلام کے ایک طالب علم کیلئے اپنے دامن میں بیش بہاء معلومات کا ذخیرہ لئے ہوئے ہے۔

۳۔ شیخ الحدیث مولانا نذیر حسین دہلویؒ سے لے کر فاتح قادیان مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ ان شخصیات کا تذکرہ جنہوں نے رد قادیانیت میں بھرپور حصہ لیا۔ جلد دوئم میں مجھے اپنے پردادا مولانا عبدالجبار عمرپوریؒ کا تذکرہ فیہ ذکر کم کا مصداق نظر آیا۔

۴۔ ان تمام کتب کے علمی مباحث کا خلاصہ جو مرزا غلام احمد قادیانی کے اکانوے (۹۱) رسائل و کتب کی رد میں تحریر کی گئیں۔ مرزا کی کتب اگر روحانی خزائن کے عنوان سے ۲۳ جلدوں میں سمو دی گئی ہیں تو ہمارے ممدوح ڈاکٹر بہاء الدین کی تصنیف بجا طور پر روحانی خزائن کے پوسٹ مارٹم کا درجہ رکھتی ہے۔

۵۔ مناظرات کے علاوہ وہ مراسلت جس کا آغاز مولانا محمد حسین بٹالویؒ اور مرزا قادیانی سے ہوا اور پھر مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ تک یہ زنبیل دراز ہوتی گئی۔

۶۔ مرزا قادیانی کی پیش گوئیاں چاہے ان کا تعلق اشخاص سے ہو یا کونی وزمانی واقعات سے، علماء حق کی وہ ساری تحریریں تک جا کر دی گئی ہیں جو کہ ان کی حقیقت کو آشکار کرتی ہیں اور دجل وتلبیس کے سارے فریب چاک کرتی ہیں۔

۷۔ مرزا غلام احمد قادیانی کے الہامات کا کچا چٹھا پیش کیا گیا ہے جس سے یہ دونوں پہلو ظاہر ہوتے ہیں کہ ایک طرف یہ تحریف آیات قرآن کا شاہکار ہیں اور دوسری طرف زبان کے لحاظ سے رکیک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اور بے سلیقہ ہیں۔

۸۔ ادعاء مثیل مسیح کے دلائل میں لفظ توفی پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے اور ان احادیث نزول مسیح کی مرزا قادیانی کے حالات و وقائع سے عدم مطابقت کو ظاہر کیا گیا ہے۔

۹۔ قادیانیوں کے باہمی مجادلات اور رسہ کشی کی تصویر دسویں جلد کا ایک باب ہے۔

۱۰۔ مؤلف نے کمال انصاف سے کام لیتے ہوئے ان تمام علماء کی کاوشوں کو اپنی کتاب کی زینت بنایا ہے جنہوں نے رد قادیانیت میں کسی نہ کسی طرح حصہ لیا ہے۔ اہل حدیث علماء کے ساتھ مولانا اشرف علی تھانوی، پیر مہر علی شاہ گولڑوی، اور شاہ احمد رضا خان کی کاوشوں کے تذکرہ سے غافل نہیں رہے ہیں۔ تلک عشرۃ کاملہ

ہمارے پیش نظر بارھویں جلد میں خاص طور پر رد قادیانیت میں قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ کی تحریریں اس گلدستہ حکمت کو چار چاند لگا رہی ہیں۔ میرے پیش رو صاحب علم حضرات اپنی تقریظات تاثرات میں مولف کتاب ڈاکٹر بہاء الدین اور ان کے دست راست جناب جمیل احمد شیر خان کا شکریہ بھرپور انداز میں پیش کر چکے ہیں۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالی مولف کتاب کو صحت کاملہ سے نوازیں کہ جس پر کٹھن راستے کا بیشتر حصہ وہ طے کر چکے ہیں، اللہ تعالی کی توفیق سے وہ اس کی آخری منزل تک پہنچ سکیں۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز

کتبہ: ڈاکٹر صہیب حسن

صدر مسجد و مدرسہ التوحید ٹرسٹ لندن برطانیہ۔ ۲۷ شوال ۱۴۳۱ھ، ۶۔ اکتوبر ۲۰۱۰ء

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# عرض مؤلف

تاریخ تحفظ ختم نبوت ایک مختصر سے دور (۱۸۹۱ء۔۱۹۱۲ء) میں دفاع اسلام کے ایک محاذ پر علماء اسلام کی حسن کارگردگی کی روئداد ہے۔ زیر نظر جلد اس روئداد کا تیرھواں حصہ ہے ۔ نہ روئداد ختم ہوئی ہے اور نہ من حیث لا یحتسب کے لا متناہی خزائن سے توفیق وامداد میں کوئی وقفہ آیا ہے اللہ تعالی عنایات کریمانہ سے مشرف کئے جارہے ہیں اور فقیر درگاہ، ان عنایات کو دامن میں سمیٹ کر اپنے قارئین کی نذر کئے جا رہا ہے۔

تحریک ختم نبوت کی تاریخ کے زیر نظر حصہ میں حضرت قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ کی چند تحریریں اور ماہنامہ اشاعۃ السنہ کی جلد ۱۹ شائع ہونے والے مولانا محمد حسین بٹالوی مرحوم کے چند مقالات نذر قارئین کئے جارہے ہیں جو دراصل قادیانیت اور اس کی رد کی تحریک کی رننگ کمنڑی کی حیثیت رکھتے ہیں ، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ قادیان سے کیسے میزائل داغے جا رہے تھے اور کس طرح اپنا بچاؤ کر کے رد قادیانیت کے کیمپ سے جوابی وار ہو رہے تھے۔

مولانا حامد رضا خان بھی تحریک ختم نبوت کے اولین کارکنوں میں شامل تھے انہوں نے قادیانی کے خلاف ایک فتوی صادر فرمایا تھا جو الصارم الربانی علی اسراف القادیانی کے نام سے ان کے فتاوی میں موجود ہے۔ ہم نے اسے ملخصاً نقل کیا ہے نیز اس فتوی پر قادیانی حضرات نے جو تبصرہ کیا تھا اسے بھی ہم نے نقل کر دیا ہے۔

مولانا انوار اللہ حیدر آبادیؒ کی افادۃ الافہام تحریک ختم نبوت کے ابتدائی دور کی نہایت ضخیم کتاب ہے۔ مولانا امرتسری نے کسی جگہ لکھا ہے کہ مولانا انوار اللہ نے افادۃ الافہام لکھتے ہوئے ان کی مؤلفہ، الہامات مرزا، سے بھی استفادہ فرمایا ہے۔ کتاب دیکھنے سے معلوم ہوا اس قابل قدر کتاب میں نہ صرف الہامات مرزا سے ہی استفادہ کیا گیا ہے بلکہ مولانا محمد بشیر سھسوانی کی الحق الصریح ، مولانا عبداللہ شاہجہان پوری کی شفاء للناس، مولانا عبدالمجید دہلوی کی بیان للناس، مولانا محمد جعفر تھانیسری کی تائید آسمانی ،منشی الٰہی بخش لاہوری کی عصائے موسی سے بھی وسیع پیمانے پر نہ صرف استفادہ کیا گیا ہے بلکہ انتہائی فراخ دلی سے اس کا اظہار بھی کیا گیا ہے۔ اس بات سے معلوم ہوتا ہے کہ جس دور میں افادۃ الافہام لکھی گئی اس وقت حیدر آباد دکن میں رد قادیانیت پر مسلمانوں کا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


متداول سرمایہ کم وبیش انہی کتب پر مشتمل تھا۔ یوں افادۃ الافہام نہ صرف بذات خود تحریک کے ابتائی دور کے لٹریچر میں شامل ہے بلکہ ایک معاصر شہادت بھی ہے کہ اس دور میں کن بزرگوں کی تالیفات عوام وعلماء میں متداول تھیں۔

تلخیص کی غرض سے افادۃ الافہام کے مطالعہ کرتے ہوئے معلوم ہوا کہ مولانا انوار اللہؒ کے سامنے ردقادیانیت کی سرگرمیوں کی پوری تفصیل موجود نہیں تھی، اس لئے چند مقامات پر نامکمل واقعات بیان ہوئے ہیں جنہیں کسی جگہ تو ہم نے مکمل کر دیا ہے، اور کسی جگہ حذف کر دیا ہے تاہم ایسے کسی بھی موقع پر ان کے استدلال پر زد نہیں پڑنے دی۔ بعض عبارات و واقعات کو بغرض اختصار حذف کر دیا ہے یوں افادۃ الافہام کے حصہ اول سے تقریباً ایک تہائی مواد ترک کر کے باقی ماندہ کو مختلف عنوانات کے تحت شامل اشاعت کیا گیا ہے۔

گزشتہ جلد میں قادیانی دریچہ کھولا گیا تھا، اور کچھ مضامین قادیانی اخبارات سے نقل کر کے ان پر حسب ضرورت نقد وتبصرہ کیا گیا تھا۔ زیر نظر جلد میں بھی یہ سلسلہ جاری ہے اور الحکم، البدر اور ریویو آف ریلی جنز سے اقتباسات نقل کر کے حسب موقع وضرورت ان پر نقد وتبصرہ کیا گیا ہے

قادیانی اخبارات کی ورق گردانی سے بعض ایسی کتب ورسائل اور کارکنان تحرک ختم نبوت کے نام سامنے آئے ہیں جو اس سے قبل میرے علم میں نہ تھے۔ بنا بریں میں نے وہ اقتباسات جن میں ایسے کارکنوں اور کتابوں وغیرہ کے نام، یا ان پر تبصرے ہیں، بھی نقل کر دیئے ہیں۔ چونکہ اصل کتابیں میرے سامنے نہیں ہیں اس لئے تبصروں پر تبصرہ کسی اور کیلئے چھوڑ دیا ہے۔

تعاونوا علی البر کے زمرہ میں مولانا محمد داؤد ارشد کوٹلی ورکاں ضلع شیخو پورہ، ڈاکٹر عبدالوہاب انصاری کاسگنج، مولانا رئیس الاعظم فیضی دہلی، حافظ ابوبکر ظفر رفیق ادارہ دارالدعوۃ السلفیہ لاہور، جناب عبدالحنان بن مولانا محمد علیؒ جانباز سیالکوٹ، مولانا عبدالباسط عمری نیوکیسل اور عزیزم محمد سہیل بورے والہ شامل ہیں اللہ سب حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

مواد کی فراہمی، تنقیح وترتیب، تخریج وتصحیح میں برادر مکرم مولانا شیر خان جمیل احمد عمری کا تعاون بے مثال ہے۔ تاہم مسودہ میں رہ جانیوالی کمپوزنگ کی غلطیوں کے لئے قارئین سے معذرت اور تنبیہ کا خواستگار ہوں۔

فقیر بارگاہ صمدی **محمد بہاء الدین** ۱۶۔نومبر ۲۰۱۰ء

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# قادیانی درخواست جون وجولائی ۱۹۰۰ء کا جواب

مولانا محمد حسین بٹالوی بتاتے ہیں کہ مرزا قادیانی نے ایک درخواست ۲۷ جون ۱۹۰۰ء کو اپنی قلم سے لکھی اور پھر از راہ کمال راست بازی و دیانت داری اپنی جماعت کے پچاس اشخاص کی طرف سے اوران کے نام سے شائع کی ۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ فلاں فلاں مشائخ وعلماء پنجاب و ہندوستان (جن میں خاکسار ناچیز کو بھی شامل کیا ہے) بمقام بٹالہ ایک جلسہ کر کے اس میں چند اشخاص مبتلا امراض ومصیبات واہل حاجات خواستگاران دعا ونجات کو مرزا اوران کے مخالف علماء ومشائخ بالمناصفہ تقسیم کر کے منتخب کرلیں اوران کے حق میں دعائیں کریں ۔ پھر جس فریق کے منتخب اشخاص کثرت سے شفا اورنجات پائیں اس فریق کوفریق برحق اور صادق سمجھا جائے اور فریق مخالف کو ناحق پر، اورکاذب ۔ پھر ۲۰ جولائی ۱۹۰۰ء کے اشتہار میں مرزا اپنی جماعت کا حجاب ونقاب اٹھا کر خود کھیل کھیلا ہے اوراس میں ۸۵ ۔ اشخاص مشائخ وعلماء ہندوستان و پنجاب کو جن میں خاکسار کوبھی نامزد کر کے شامل کیا ہے مخاطب کر کے کہا ہے کہ ان میں پیر مہر علی شاہ ساکن گولڑہ ضلع راولپنڈی ۔ یا اور چالیس اشخاص جن میں پیر مہر علی شاہ ضرور شامل ہوں بمقام لاہور جمع ہوکر مرزا کے مقابلہ میں عربی زبان میں ایک سورہ قرآن کی تفسیر لکھیں جس میں معارف وحقائق قرآن کا بیان ہو ۔ اور اس تفسیر کا مرزا کی تفسیر سے موازنہ ہو ۔ اوراس موازنہ کے واسطے پیر مہر علی شاہ (اگر وہ تفسیر لکھیں) تین اشخاص کومنتخب کریں (جن میں ایک خاکسار کا نام لیا ہے) یا اور مولویوں کو (جن کو پیر مہر علی شاہ) منتخب کریں ، پھر جس فریق کی تفسیر ان تین اشخاص کی حلفی شہادت وحلف سے جومثل حلف قذف محصنات ہو (جس میں تین قسمیں ہوتی ہیں اور چوتھی لعنت جھوٹے پر ۔ چنانچہ قرآن مجید کی سورہ نور کی آیت ۶ میں تشریح ہے ۔ اس لعنت پر مرزا نے مسٹر ڈوئی سابق مجسٹریٹ گورداسپور حال چیف سکرٹری گورنمنٹ پنجاب سے ڈر کر تصریح نہیں کی ۔

ہم اس حلف قذف محصنات کی تشریح کر کے صاحب بہادر موصوف کوتوجہ دلاتے ہیں کہ مرزا نے اس لعنت والی حلف کی تجویز میں اپنے اس عہد کا خلاف کیا جو اقرار نامہ فروری ۱۸۹۹ء میں اس نے کیا تھا ۔ اوراس میں سے کسی سے بھی مباہلہ نہ کرنے کا عہد کر کے اس لعنت کو جو حلف قذف محصنات اور مباہلہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


میں یکساں پائی جاتی ہے، ترک کرنے کا عہد کرلیا تھا۔اس حلفی شہادت میں وہ اس خاکسار اور دوسرے علماء کو اس لعنت کا مورد بنانا چاہتا ہے۔

پھر ۲۳ جولائی ۱۹۰۰ء کے اشتہار میں مرزا نے علماء اہل اسلام کے ساتھ عیسائیوں اور ہندوؤں کے علماء کو بھی شامل کرلیا ہے۔اوران سب سے حقائق ومعارف قرآن بیان کرنے میں ( ہندوؤں اور عیسائیوں کو بیان حقائق ومعارف قرآن کے چیلنج کرنا ، اوراس مقابلہ میں ان کو مسلمانوں کے ساتھ شامل کرنا ، جیسا کہ اشتہار ۲۳ جولائی کے صفحہ۴ سطر ۹ میں پایا جاتا ہے، کوئی وجہ نہیں رکھتا۔وہ قرآن کو متضمن حقائق ومعارف کب مانتے کہ ان کے بیان میں مرزا کا مقابلہ کریں ) اور آسمانی نشان دکھانے میں ، اور دعاؤں کے مقبول ہونے میں مقابلہ کرنا چاہیے، اوراس اشتہار میں یہ بھی نوٹس دے دیا ہے کہ اس اشتہار کے بعد پندرھویں دن اسی مضمون کا اشتہار دیا جائے اوران اشتہاروں کی تعداد کو چالیس تک پہنچایا جائے گا۔

ان درخواستوں کا جواب ہماری طرف سے وہی ہے جو رسالہ السنہ سنین گذشتہ رسالہ جلد ۱۳ لغایت ۱۸ ، بمقابلہ رسائل واشتہارات شش سالہ مرزا شائع ہو چکا ہے۔ناظرین اسے کافی اور شافی سمجھیں گے اور داد انصاف دے کر کہیں گے کہ یہ جواب نہایت عمدہ ومفید مصداق قلّ ودلّ ادا ہوا ہے کیونکہ اشاعۃ السنہ کی ان جلدوں میں ایسی درخواستوں کا جواب قرآن وحدیث سے بارہا ادا ہو چکا ہے۔لہذا اب ان درخواستوں کا جواب بحکم شہادت بیت مذکور یہی ہے کہ کچھ جواب نہ دیا جائے اوران درخواستوں کو تکرار محض واعادہ بلا فائدہ سمجھ کر انکے پیش کرنیوالوں کو منہ نہ لگایا جائے۔ مگر جن لوگوں نے اشاعۃ السنہ سنین گذشتہ کو اوراس کے مقابلہ میں تحریرات واشتہارات مرزا کو نہیں دیکھا یا دیکھ پڑھ کر وہ بھول گئے ہیں وہ اس جواب کا لفظ نہ پائیں گے۔ان کی فہمائش کے لئے ہم اس اجمال کی تفصیل کرتے ہیں اوراپنے سابق مضامین کا جس میں ان درخواستوں کا جواب پایا جاتا ہے صرف خلاصہ بیان کر دیتے ہیں، نئی کوئی بات نہیں کہتے۔

اس تفصیل وبیان پر ہم کو باعث دو امر ہوئے۔وہ باعث نہ ہوتے تو ہم اتنا بھی نہ کہتے

امر اول : ناظرین کو اپنے اس دعوی کا ( جو مضمون سابق میں ہم کر چکے ہیں ) یقین دلانا کہ مرزا نے جو کچھ کہا ہے اسکا جواب اشاعۃ السنہ میں ادا ہو چکا ہے لہذا اب مرزا کی بحث وخطاب فضول ہے۔اور اس کو کان لم یکن سمجھ کر اس کو چھوڑ دینا مناسب ہے۔

امر دوم : یہ کہ بعض اشخاص ( ازانجملہ ایک شخص الٰہی بخش سابق پنسال نویس نہر باری دواب۔دوسرے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


رحیم بخش عرضی نویس رعیہ ضلع سیالکوٹ۔ ان کے اصل خطوط ہم بخوف طوالت نقل نہیں کر سکتے۔ ان خطوں کے اس سوال کو نقل کر کے اسکا جواب خاتمہ مضمون پر دیا جائیگا) نے ان درخواستوں کو واجبی اور لائق و مستحق جواب سمجھ کر ہم سے ان کے جواب کی درخواست کی ہے اور بعض نے (ہم کو ان لوگوں کے نام معلوم نہیں۔ مولوی ثناء اللہ امرتسری اپنے کارڈ ۷ جولائی ۱۹۰۰ء میں ان کا ذکر بایں انداز کرتے ہیں:

آپ کی خاموشی کو قوم حیرت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بلکہ بعض کو شبہ ہوتا ہے کہ کہیں مرزا کی پیش گوئی، موافقت، کا ظہور نہ ہو۔ خدا نہ کرے۔ جن صاحبوں نے انکے نام دریافت کرنے ہوں وہ مولوی ثناء اللہ سے خط و کتابت کریں) ان درخواستوں کے جواب سے ہمارے سکوت اختیار کرنے پر ہماری نسبت یہ گمان کر لیا ہے کہ ہم مرزا قادیانی کے دعاوی و خیالات کے موافق ہو گئے ہیں۔ ان دونوں فریق کی غلط فہمی اور سوء ظنی دور کرنے کے لئے اس بیان و تفصیل کی ضرورت معلوم ہوئی۔ اور وہ یہ ہے:

مرزا قادیانی شروع زمانہ دعوی نبوت و مسیحائیت و مجددیت و مہدویت سے آج تک اپنی تحریرات و تصنیفات میں وہی باتیں بار بار بیان کرتا ہے جو ابتدائی رسائل فتح اسلام، توضیح مرام، ازالہ اوہام وغیرہ میں بیان کر چکا ہے۔ مگر اس کی صورت و پیرایہ کو بدل کر اور ان پر دوسرا رنگ چڑھا کر جیسے زمانہ امام شافعی میں ایک شخص فروح نامی تیل فروش ایک ہی مشکیزہ سے اس کو مختلف منہ لگا کر جس قسم کا تیل چنبیلی وغیرہ کا کوئی مانگتا نکال دیتا تھا۔ اور حقیقت میں وہ ایک ہی تیل ہوتا تھا۔ یا جیسے اس زمانہ کے بعض عطار و اشتہاری طبیب مختلف بوتلوں سے ان پر مختلف لیبل لگا کر ایک ہی دوا نکال کر خریداروں کو یہ جتاتے ہیں اور ٹکے کماتے ہیں کہ یہ فلاں فلاں دوائیں ہیں۔

یہ باتیں جو اس وقت درخواست ۲۷ جون ۱۹۰۰ء اور اشتہار ۱۳ جولائی ۱۹۰۰ء میں اس نے کہی ہیں یہ اکثر وہی پرانی باتیں ہیں۔ جو فیصلہ آسمانی مطبوعہ ۲۷ دسمبر ۱۸۹۱ء کے بڑی تختی کے ۱۶ صفحہ میں اس نے کہی تھیں ان میں صرف اجمال و تفصیل یا پیرایہ بیان کا فرق ہے۔ وبس

ہم نے ۱۸۹۱ء کے رسالہ اشاعۃ السنہ نمبر ۱۔۲ جلد ۱۴ میں اس فیصلہ کا خلاصہ چند صفحوں میں بیان کر کے اس کا جواب بیالیس صفحات میں دیا ہے۔

اس مقام میں پہلے اس خلاصہ کا خلاصہ نقل کیا جاتا ہے پھر اس جواب کا خلاصہ بیان ہوگا

## خلاصہ فیصلہ آسمانی کا خلاصہ

مومن و کافر کا امتحان بحکم قرآن ان چار علامتوں سے ہوتا ہے

اول: بشارات سے۔ یعنی مومنوں کو اس کے مرادات اور اس کے دوستوں کے مطلوبات قبل از وقوع

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بتائے جاتے ہیں۔

دوم: اطلاع مغیبات۔یعنی مومنوں کو دنیا کے واقعات متعلقہ غیر پر قبل از وقوع اطلاع دی جاتی ہے

سوم۔ قبولیت دعوات۔یعنی مومن کی اکثر دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

چہارم۔کشف، عجائبات قرآن۔یعنی مومن کو قرآن کے ایسے عجائب معارف وحقائق و دقائق سجھائے جاتے ہیں جو پہلے کسی مسلمان مفسر صحابی یا تابعی یا امام کو نہ سوجھے ہوں اور نہ کسی اسلامی کتاب تفسیر میں بیان ہوئے ہوں۔

پھر ان علامات کی شہادت سے مرزا نے اپنے اور اپنے مخالفوں کے امتحان ایمانی کی یہ سورت بیان کی ہے کہ لاہور میں ایک جنرل کمیٹی قائم کی جائے گی جس کی شاخیں دور دراز ملکوں میں مقرر ہوں وہ کمیٹی یا کمیٹیاں اپنا اپنا دفتر ورجسٹر بناویں ان رجسٹروں میں مرزا اور مخالف مولویوں کے بشارات و پیش گوئیاں متعلقہ واقعات آئندہ ایک سال تک درج کرتے رہیں۔ پھر ان بشارات و پیش گوئیوں کا باہم موازنہ کیا جائے۔پس جس فریق (مرزا یا اسکے مخالفوں) کی بشارتیں و پیشگوئیاں بہ نسبت فریق مخالف زیادہ سچی نکلیں وہ فریق مومن کامل تسلیم کیا جائے۔

پھر کہا ہے وہی کمیٹی مختلف امراض میں مبتلا (کوڑھیوں، اندھوں وغیرہ) اور اہل حاجات خواستگاران دعا کو بذریعہ اشتہارات لاہور میں طلب کریں۔اور ان سب کی درخواستیں ایک صندوق میں جمع کی جائیں۔ پھر ان کو قرعہ اندازی سے مرزا اور اسکے مخالف مولوی باہم تقسیم کر کے ایک سال ان کے حق میں دعائیں کریں۔ پھر جس فریق کے لوگ کثرت سے شفا پائیں یا مراد کو پہنچیں وہ فریق مومن کامل تصور کیا جائے۔

پھر کہا اسی کمیٹی کے سامنے مرزا قادیانی اور اس کے مخالف مولوی قرآن شریف کے ایسے عجائبات معارف وحقائق بیان کریں جو پہلے کسی تفسیر میں نہ ہوں۔ پھر جس فریق کے بیان کردہ حقائق و معارف خالی از تکلف ہوں وہ مومن کامل اور صاحب علم لدنی سمجھا جائے۔

## خلاصہ جواب فیصلہ مذکور

اس درخواست کا جواب اشاعۃ السنہ کے بیالیس صفحہ پر ادا ہوا ہے جسکا خلاصہ تین امور مفصلہ ذیل ہیں:

۱۔قرآن وحدیث نے کسی کا امتحان ان چار علامتوں سے نہیں کیا اور نہ اس امتحان کا حکم دیا ہے بلکہ قرآن کی سورۃ ممتحنہ میں مہاجر عورتوں کے امتحان کا حکم ان کے اعتقاد و اعمال کے پرکھنے سے ہوا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ہے۔ بناء علیہ لازم ہے کہ مرزا کے ایمان کا امتحان اس کے اقوال وعقاید کی تحقیقات سے کیا جائے، نہ ان علامات چہارگانہ سے۔

پھر مرزا غلام احمد قادیانی کے اٹھارہ اقوال وعقاید جن کو علماء اسلام پنجاب و ہندوستان نے مخالف اسلام قرار دیا ہے بحوالہ نمبر صفحہ کتاب ونقل اصل عبارت بیان کر کے کہا ہے کہ مرزا ان اقوال وعقاید کا مطابق قرآن ہونا ثابت کر دے تو اہل اسلام مرزا قادیانی کو مومن ومسلمان ہونے کا سرٹیفکیٹ دینے کو تیار ہیں۔

۲۔ جملہ اہل امراض کوڑھیوں اندھوں وغیرہ کو لاہور میں طلب کر کے جمع کرنا مشکل ہے۔ دنیا بھر کے کوڑھی لاہور میں جمع ہو جائیں گے تو اتنا بڑا کوڑھی خانہ کہاں ملے گا یا کون بنوا دے گا اور ان کا خرچ خوراک روز مرہ کون اپنے ذمہ لے گا۔ بجائے اس کے بہتر اور آسان صورت یہ ہے کہ مرزا قادیانی اپنے بڑے حواری میاں کریم بخش سیالکوٹی (جسے مرزائی پارٹی میں مولوی عبدالکریم کہا جاتا ہے اور وہ ٹانگ سے لنگڑا، سر سے کسی قدر گنجا، ایک آنکھ سے نیم کانا ہے) کے حق میں مرزا قادیانی دعا کرے۔ اس کی دعا سے اس کی ٹانگ اور آنکھ درست ہوگئی اور سر پر بال جم گئے تو تمام مسلمان مرزا صاحب کو مومن کامل وولی مان لیں گے۔ بلکہ مرزا کے مخالف مولوی بھی اس کو مسلمانی کا سرٹیفکیٹ دینگے۔ کریم بخش کے حق میں اپنی کرامت و قبولیت دعا دکھانے میں مرزا قادیانی کو کچھ عذر ہوتو اور ایسے اشخاص کے حق میں جن سے ایسی دعا کی فیس بھی ہزار ہا روپیہ کھا کر مرزا قادیانی ہضم کر چکا ہے، اور اسکا ذکر ونام رسالہ اشاعۃ السنہ نمبر ا جلد ۱۴ صفحہ ۱۱ و ۲۸ میں ہے دعا کریں اور اسکا اثر دکھاویں اور اپنی مسلمانی کا سرٹیفکیٹ لے۔

۳۔ آئندہ کی بشارتوں اور پیش گوئیوں کا امتحان بھی طوالت ومہلت طلب ہے۔ لہذا وہ اپنی پچھلی بشارتوں (مثلاً سردار بہادر سید امیر علی لاہوری، رسالدار پنشنر کے گھر میں لڑکا پیدا ہوگا، اور نواب معزول مالیر کوٹلہ کو شفا ہوگی، جس کے عوض وہ پانچ پانچ سو روپیہ لے کر کھا چکا ہے۔ وغیرہ) اور پچھلی پیشگوئیوں (مثلاً مرزا احمد بیگ اپنی دختر مرزا کو نہ دے گا اور دوسرے شخص سے اس کا نکاح ہوگا، تو اس کا شوہر اڑھائی برس میں فوت ہوگا اور وہ دختر مرزا کے نکاح میں آئے گی۔ یا عبداللہ آتھم عرصہ ۱۵ ماہ میں فوت ہوگا۔ وغیرہ) کا سچا ہونا ایک مجلس منعقد کر کے ثابت کرے اور ان بشارتوں و پیش گوئیوں کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کر کے اس کمیٹی سے ان کا سچا ہونا تسلیم کراوے اور اپنی مسلمانی کا سٹیفکیٹ لے۔

اسی کمیٹی کے فیصلہ سے پچھلے حقائق ودقائق بیانی مرزا کا امتحان کیا جائے (مثلاً لیلۃ القدر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


سے کوئی رات مراد نہیں بلکہ ایک ظلماتی زمانہ مراد ہے۔اور حضرت عیسیٰؑ مردہ کو زندہ نہ کرتے، اور نہ اندھے کوڑھی کو اچھا کرتے، اور نہ مٹی کا پرند بناتے۔ بلکہ یہ کام وہ مسمریزم سے کرتے جو حقیقت میں کچھ نہ ہوتے۔ پس اگر وہ ان حقائق بیانیوں میں حسب فیصلہ کمیٹی مذکور صادق نہ نکلا، بلکہ اس حقائق بیانی کو اس کمیٹی نے الحاد وارتداد قرار دیا۔ایسا ہی اس کی پچھلی بشارتوں اور پیش گوئیوں کو کمیٹی نے دھوکہ بازی اور دروغ گوئی ٹھہرایا، تو پھر کسی عقل مند کے نزدیک اس کی آئندہ بشارتوں و پیش گوئیوں اور حقائق بیانیوں کا امتحان کب جائز ہوگا اور وہ مثل مشہور: من جرب المجرب حلّت به الندامة کا مصداق کیونکر نہ ٹھہرے گا۔

یہ ہم نے بیالیس صفحات کا خلاصہ دو صفحوں میں بیان کیا ہے۔اصل جواب کو ناظرین اشاعۃ السنہ جلد ۱۴ میں ملاحظہ فرمائیں گے تو امید ہے اس کے لطف و ذوق سے حظ اٹھائیں گے۔

اور بالمقابل تفسیر لکھنے کا جو مرزا نے اشتہار ۲۲ جولائی ۱۹۰۰ء میں دعوی کیا ہے یہ بھی اس کا پرانا دعوی ہے جو دافع الوساوس کے صفحہ ۶۰۲، اور دیگر کتب و رسائل میں اس نے کیا ہے۔اس کا جواب ۱۸۹۲ء کے اشاعۃ السنہ نمبر ۸ جلد ۱۵ صفحہ ۱۹۰ وغیرہ میں دیا ہے جو بعینہ ذیل میں نقل کیا جاتا:

> قادیانی صاحب! میں آپ کے مقابلہ میں عربی تفسیر لکھنے کو حاضر ہوں۔حاضر ہوں۔ جب چاہیں اور جس مقام میں چاہیں۔ لاہور میں خواہ بٹالہ میں مجھے بلالیں ہم فوراً حاضر ہو جائیں گے اور چونکہ آپ ہی اس مقابلہ کے مدعی ہیں، میں نہیں، لہذا آپ ہی پر اس مجلس کا اہتمام و انتظام واجب ہے۔آپ شوق سے انعقاد مجلس کا اہتمام کریں اور مجھے بلاویں۔اور اگر آپ نے پسند کیا یا اکثر ارکان مجلس نے پسند کیا (ناظرین اس شرط کو ملاحظہ فرمائیں۔اس میں بشرط رضامندی مرزا، وارکان مجلس کے مرزا کی سابق عربی عبارت و معارف کا امتحان تجویز کیا ہے، نہ قطعی طور پر و بلاشرط) تو اس مجلس میں پہلے آپ کی سابق تحریرات عربی خصوصاً خطبہ دافع الوساوس کو جس پر آپ کو اور آپ کے اتباع کو بڑا ناز ہے پیش کیا جاوے گا۔اور ایسا ہی آپکے سابق بیان کردہ اسرار و معارف وحقائق قرآن کو جو آپ نے اپنے رسالوں فتح اسلام، توضیح مرام، ازالہ اوہام اور کتاب دافع الوساوس میں بیان کئے ہیں، اس مجلس میں پیش کیا جائے گا۔ان عبارات کی کریہہ عربی کوسن کر اگر حاضرین با مذاق کو متلی شروع ہوگئی اور میرے بیان سے اور بھی ان عبارات میں آپ کی غلطیاں صرفی وادبی ثابت ہوگئیں اور آپ کے اسرار وحقائق کا کفر والحاد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ہونا ثابت ہو گیا تو پھر آپ کو دوبارہ امتحان دینے کیلئے عبارت آرائی کی تکلیف اٹھانے اور چالیس روز تک اس تکلیف کیلئے کسی جگہ مقید رہنے کی حاجت نہ رہے گی۔ اور آپ کی حقیقت کس و ناکس کو معلوم ہو جائے گی۔ اور اگر اس مجلس میں آپ کی سابق عربی واقعی اور صحیح عربی بن گئی اور آپ کے اسرار و حقائق کی حقانیت ثابت ہو گئی تو پھر میں آپ کے مقابلہ میں عربی تفسیر لکھونگا یا (اگر آپ کی سابق عربی دانی و اسرار بیانی کی ہیبت دل پر پڑ گئی تو) میں آپ کے مقابلہ سے عاجز ہو کر آپ کو اس مجلس میں بڑا عالم عربیت و ادیب نکتہ رس و حقیقت شناس مان لوں، اور آپ کو جاہل سمجھنے میں غلطی کا اقرار کرونگا۔ اب آپ مجلس کے انتظام و اہتمام میں توقف نہ کریں اور نہ آپ کوئی عذر و چون چرا انعقاد مجلس میں پیش کریں۔ اور اسی مجلس کے تصفیہ پر راضی ہو جائیں۔ مجلس سے پہلے اس عذر کو پیش کر کے ایک اور نئی بحث شروع نہ کر دیں جس سے مطلب اور مقصود کے دور پڑ جانے کا اندیشہ ہے۔

(مولانا فرماتے ہیں) یہ جواب بھی جواب فیصلہ آسمانی کی طرح پورا پورا نقل نہیں ہوا۔ ناظرین پورا ملاحظہ فرمائینگے تو جواب فیصلہ آسمانی کی طرح اس سے بھی ایک لطف اٹھائیں گے۔

ناظرین! ہمارا یہ جواب مرزا کے دیکھنے میں آیا تو اس نے ہماری تحریر کے مطابق جلسہ کرنے اور اپنی عربی دانی کی حقیقت کھولنے سے گریز کیا اور بظاہر یہ بہانہ کیا کہ میری درخواست کو مخاطب نے ٹلایا ہے۔ اور اس پر کرامات الصادقین کے صفحہ ۲۲۔۲۳ میں یہ ریمارک کیا اور کہا:

کہ رسالہ اشاعۃ السنہ نمبر ۸ جلد ۱۵ کو صفحہ ۱۹۰ سے ۱۹۲ تک بغور پڑھنا چاہیے کہ کیونکر اس نے رکیک شرطوں سے اپنا پیچھا چھوڑایا ہے۔ چنانچہ ان صفحات میں لکھا ہے کہ اس مقابلہ سے پہلے کتاب دافع الوساوس کی عربی عبارات کی غلطیاں ثابت کرینگے (ناظرین میری عبارت منقولہ بالا کو دیکھو اس میں بشرط رضامندی مرزا و ارکان مجلس یہ بات تجویز کی گئی ہے، یا قطعی طور پر و بلا شرط) اور پھر فتح اسلام اور توضیح المرام کے کلمات کفر و الحاد کو پیش کریں گے۔ اور نیز ان پچاس سوالات کا جواب طلب کریں گے جو مرزا احمد بیگ ہشیار پوری کی موت کی نسبت مراسلت نمبر ۲۰ مورخہ ۹ جون میں ہم لکھ چکے ہیں۔ اسی طرح سلسلہ وار جواب الجوابات کا جواب پوچھا جائے (ناظرین عبارت منقولہ سابق میں یا تمام جواب میں یہ باتیں کہاں پائی جاتی ہیں، غور سے جواب کو پڑھیں۔ اور انصاف سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


داد دیں) پھر تفسیر عربی میں مقابلہ کیا جائے گا۔

ناظرین! ہم اس کے جواب میں اور کچھ نہیں کہتے، بھاگے بھگائے ہوئے مرزا کو پھر اپنا مخاطب نہیں بناتے۔ ہم بھی اپنے ناظرین سے یہی درخواست کرتے ہیں کہ وہ صفحہ ۱۹۰، ۱۹۱، ۱۹۲۔ اشاعۃ السنہ کو ملاحظہ فرما کر داد انصاف دے کر کہیں کہ جو باتیں اس قول میں مرزا نے میری طرف منسوب کی ہیں، میں نے اس جواب میں کہاں کہی ہیں۔ میں نے کیا کہا، اور مرزا قادیانی نے اس کو کیا بنا لیا اور بالمقابلہ عربی تفسیر لکھنے کو اس نے ٹلایا۔ بعض لوگ جو مرزا کے حال وحقیقت سے واقف نہیں اور اس کے دام میں پھنس گئے ہیں یا وہ ہنوز اس کی نسبت متردد و مذبذب ہیں، اس قسم کے جواب درخواست مرزا کو سن کر یہ کہتے ہیں کہ کیوں مرزا قادیانی کی ہر ایک درخواست کو بغیر کسی شرط کے مقبول نہیں کیا جاتا، اور کیوں اس کی سابق عربی عبارات اور پیش گوئیوں اور بشارات کے امتحان کی تجویز کو (مرزا کی رضامندی اور حاضرین جلسہ کے پسند کرنے کی شرط ہی سے سہی) پیش کیا جاتا ہے۔ علماء وقت کو چاہیے کہ جس امر میں مرزا مقابلہ کرنا چاہے اسی میں اس کے مقابلہ کے لئے فوراً کھڑے ہو جائیں اور اپنی کوئی شرط پیش نہ کریں اور مثل مشہور: دروغ گورا تا بخانہ بائد رسانید، کو عمل میں لاویں۔

ان لوگوں کے خیال و مقال کا جواب یہ ہے کہ ایسا تب ہوسکتا ہے یا ہونا چاہیے تھا جب کہ علماء وقت مرزا کو مخاطب صحیح اور منہ لگانے کے لائق سمجھتے۔ وہ نہ تو مرزا کو عالم علوم ظاہری سمجھتے ہیں نہ اہل باطن صاحب قوت قدسیہ خیال کرتے ہیں۔ وہ اس کو علوم ظاہری سے جاہل اور قوت باطنی سے بے بہرہ سمجھتے ہیں۔ اور جو دعوی وہ کرتا ہے (جیسے عربی نویسی کے مقابلہ کا دعوی یا باطنی طاقت سے نشان نمائی کا دعوی) اس کو وہ شعبدہ بازی یا مداریوں کی سی لاف وگزاف سمجھ کر اس کو منہ لگانا نہیں چاہتے۔ رہا جھوٹے کو ملزم کرنا، اور مثل مشہور: دروغ گورا بخانہ باید رسانید، پر عمل کرنا، سو اس کی سابق کارستانیوں (سابق عربی نویسی و بشارتوں وپیش گوئیوں کے اگزامینیش، امتحان، سے) بغیر کسی تکلیف اٹھانے اور وقت خرچ کرنے کے ہوسکتا ہے۔

علماء وقت کے مقابلہ میں مرزا کے ایسے دعوی، اس دعوی کی مثل یا نظیر ہیں کہ۔ ۱۔ ایک مریل آدمی جہان کے پہلوانوں سے کشتی لڑنیکا دعوی اور چیلنج کرے۔ ۲۔ یا فقیر قلاش روئے زمین کے بادشاہوں کو الٹی میٹم (لڑائی کا آخری نوٹس) ارسال کرے۔ ۳۔ یا ایک طفل مکتب دنیا کے عالموں فاضلوں کو مباحثہ کے لئے بلائے۔ ۴۔ یا ایک پنساری یا بناوٹی طبیب اشتہاری مسلّم الثبوت و

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ڈگری یافتہ ڈاکٹروں اورسندی خاندانی طبیبوں سے معالجہ میں مقابلہ کرنا چاہے۔

پس کیا ممکن اور بحکم عقل جائز ہے کہ کوئی نامی پہلوان یا کسی سلطنت کا بادشاہ یا کوئی مسلّم الکل عالم وفاضل یا مسلّم شدہ ڈاکٹر یا حکیم اس کندہ ناتراش مقابل کے مقابلہ کے لئے میدان میں علم بلند کرے۔نہیں نہیں، ہرگز نہیں۔

ان چار مثالوں کو مرزا کے معتقد اور اس کو کوئی چیز سمجھنے والے حسب حال نہ سمجھیں تو ان کی فہمائش کے لئے دو مثالیں مرزا قادیانی کے گھر لگتی پیش کی جاتی ہیں:

۱۔ ملا محمد بخش منیجر اخبار جعفرزٹلی لاہور نے بارہا مرزا قادیانی کو مباحثہ ظاہری کیلئے بلایا ہے۔

۲۔ باطنی امور کشف وکرامت وقبولیت دعا میں مقابلہ کے لئے میاں ارادت خان مرحوم ساکن موضع کروالیاں علاقہ بٹالہ نے بذریعہ مریدان مرزا اس کو بارہا بلایا ہے۔

ان دونوں صاحبوں کے مقابلہ کے لئے مرزا کبھی تیار نہیں ہوا جس کی وجہ بجز اسکے کوئی کچھ نہیں بتایا کہ وہ ان کو مخاطب صحیح نہیں سمجھتا۔ایسا ہی مرزا کو دعاوی مذکورہ میں سمجھو، اور ہرگز امید نہ رکھو کہ کوئی کسی فرقہ کا عالم اس کے مقابلہ کا ارادہ کرے اور مرزا کو یہ عزت دے۔

اس وقت تک جو بعض علماء ہندوستان و پنجاب نے اسکے مقابلہ میں قلم اٹھایا یا کسی مجلس میں اس کو ساکت وملزم کیا ہے تو باوجودیکہ وہ اس کو مخاطب صحیح اور منہ لگانے کے لائق نہ سمجھتے تھے صرف اس غرض سے اس سے مخاطب ہوئے ہیں کہ ناواقف لوگ جو اس کو عالم یا فقیر اہل دل سمجھ کر اس کے پیرو ہو گئے یا ہونا چاہتے ہیں اس کے بے علم اور کور باطن ہونے سے آگاہ ہوجائیں۔لہذا انہوں نے بحکم ضرورت ننگ و عار کو گوارا کر کے اس کو مخاطب کر کے ملزم کیا ہے اور اس کو الزام بھی اسی کے مسلمات واقوال سے دیا ہے جیسا کہ اسکی درخواست مذکور سے جواب ہم نے تجویز کیا ہے۔

یہ غرض ان علماء کی بخوبی حاصل ہوگئی ہے اور اس کا علوم ظاہری سے بے علم اور فیوض باطنی سے بے بہرہ ہونا کس و ناکس پر ثابت ہو چکا ہے، تو اب کسی عالم کا اس کو اپنا مخاطب بنانا فضول ہے اور بلاضرورت ننگ و عار کو گوارا کرنا ہے۔

اسلام میں اس کی یہ وقعت وقدر دیکھ کر اور اس کے دعاوی مذکور کو نظائر اربعہ مسطورہ بالا کی مانند سمجھ کر علماء غیر اقوام نے بھی اس کو منہ لگانا نہیں چاہا۔اور اس کے مقابلہ کے لئے میدان میں نکلنے کو موجب عار سمجھا ہے۔زمانہ سابق میں اس نے بارہا اقوام غیر کے لیڈروں کو مخاطب کیا۔پر انہوں نے اس کو منہ نہ لگایا۔ایک دفعہ اس نے ایک اشتہار اردو انگریزی میں بیس ہزار کاپی چھپوا کر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ایشیاء اور یورپ کے مختلف مذاہب کے لیڈروں اور عالموں کے پاس بھیجا تھا جس میں برائے نام و بطور تمہید اسلام کے کمالات ذکر کر کے اپنی کرامات وغیب دانی وکشف بیانی وقبولیت دعا کا دعوی کیا تھا۔اس اشتہار کو بھی کسی نے عزت کی نگاہ سے نہ دیکھا اور اس کو جواب باصواب سے مخاطب نہ کیا۔ایک پادری نے اس کا جواب دیا تو یہ دیا کہ ہم نے تیرے اشتہار کو آگ میں ڈال دیا ہے۔آج کل لارڈ بشپ لاہور کو اس نے مباحثہ کی طرف بلایا تو وہاں سے بھی یہی جواب ملا کہ تم بحث و خطاب کے لائق نہیں ہو۔

گورنمنٹ اور ارکان سلطنت گورنمنٹ کو بھی یہ دلیر بہادر اشتہارات و چٹھیات و رسائل میں اپنا مخاطب بناتا ہے۔مگر ادھر سے صدائے بر نخاست کا نقشہ نمودار ہوتا ہے اور اس کی تحریرات و رسائل کی رسید تک نہیں آتی چہ جائے کہ جواب وخطاب۔پس جس شخص کی گھر میں اور باہر یہ وقعت ہو اس کو کوئی کیونکر مخاطب کرے اور اس کے ہر ایک دعوی پر جس کا اس کو بارہا جواب دیا گیا ہو۔مگر وہ اس کو فرط دلیری سے ہضم کر جاتا ہو، کون لنگر لنگوٹا کس کر میدان مقابلہ میں آ کھڑا ہو۔جو ایسا کرے گا وہ ویسا سمجھا جائے گا۔اور اسی کی قطار وشمار میں عقلاء روزگار کے نزدیک داخل ہوگا۔اس لئے اے ناظرین! علماء وقت ہر ملت و مذہب کے اس کو منہ نہیں لگاتے۔اور اس کی درخواست کا جواب نہیں دیتے۔

ضروری نوٹ: ۱۔ درخواست ۲۷ جون ۱۹۰۰ء اور اشتہارات ۲۰، ۲۱ جولائی ۱۹۰۰ بہت سی باتیں مخالف تحقیق و برخلاف مرزا قادیانی نے کہی ہیں، جس کا مخالف اسلام ہونا ماہنامہ اشاعۃ السنہ سنین گذشتہ میں ثابت ہو چکا ہے لہذا ان سے تعرض ہمارے ذمہ نہیں رہا۔ جو شخص ہمارے رسائل سنین گذشتہ کو بغور ملاحظہ کرے وہ ان باتوں کا مخالف تحقیق و برخلاف اسلام ہونے کا تعین کر سکتا ہے۔ایک بات درخواست ۲۷ جون ۱۹۰۰ء میں نئی کہی گئی ہے اور اسکی بابت مراسلت مندرجہ بالا میں ہم سے رائے طلب کی گئی ہے۔لہذا بپاس خاطر راقم مراسلت میاں الہی بخش ومیاں رحیم بخش اس نئی بات کی نسبت نہ صرف اپنی بلکہ تمام علماء اہل اسلام کی رائے اسی پچھلے رسالہ اشاعۃ السنہ سے ظاہر کی جاتی ہے۔

وہ بات یہ ہے جو درخواست ۲۷ جون کے صفحہ ۴۔۵ میں کہی گئی ہے کہ مرزا مسیح موعود ہے اور مسیح موعود کو حکم کہا گیا ہے اور حکم کا حق ہے کہ ایسی حدیثوں کو (یعنی جن کو مرزائی خلاف قرآن سمجھتے ہیں) رد کرے اور خدا سے الہام پا کر موضوع ٹھہراوے اگرچہ وہ دس لاکھ یا اس سے زیادہ ہوں۔ یہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


صریح حیا اور شرم اور دیانت کے برخلاف ہے کہ مرزا کو مسیح موعود وحکم مان کر پھر اس بات پر زور دیا جائے کہ وہ ذرا بھی ہمارے مسلمات میں دخل نہ دے۔

اس بات کی نسبت اسلامی رائے اشاعۃ السنہ نمبر ۵ جلد ۱۳ کے صفحہ ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۶۰ وغیرہ فتوی بحق مرزا بیان ہو چکی ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ مسلمانوں نے جو واقعی مسیح موعود اور آنے والے مسیح ابن مریم کو حکم مانا ہوا ہے تو اس کے یہ معنی نہیں کہ وہ قرآن اور حدیث پر حکم یعنی حاکم ہوگا ۔لہذا جس آیت یا حدیث کو چاہے گا مانے گا اور جس کو چاہے گا رد کر دے گا، بلکہ مسلمانوں نے اس کو قرآن اور حدیث کا جس کا دوسرا نام سنت ہے، محکوم مانا ہوا ہے نہ کہ حکم ۔اور ان کا یہ اعتقاد ہے کہ مسیح موعود شریعت محمدیہ (قرآن وحدیث) کا تابع ہو کر لوگوں پر حکم ہوگا ۔اور لوگوں پر ان امور میں جن میں وہ قرآن حدیث چھوڑ جائیں گے قرآن وحدیث کے موافق حکم کرے گا۔حضرت عیسیٰؑ تو دوسرے نبی حضرت موسیٰؑ اور ان کی کتاب توراۃ کے تابع تھے آنحضرت ﷺ کے وقت میں خود حضرت موسیٰؑ جو متبوع تھے آتے تو وہ بھی آنحضرت ﷺ کی شریعت قرآن وحدیث کے تابع ہوتے ۔لہذا مسلمانوں کی رائے اور قرارداد میں حیا اور شرم اور ایمان کے برخلاف یہ بات ہے کہ مسیح موعود کو قرآن اور حدیث پر حکم تسلیم کیا جائے ۔اور ان کے نزدیک ایمان وحیا کا لازمہ ہے کہ جو مسیح موعود بن کر کسی آیت قرآن کا خلاف کرے یا کسی حدیث صحیح کو موضوع کہے اور قرآن حدیث پر حکم بننے کا دعوی کرے اس کو اسلام سے خارج سمجھ کر اس کے اتباع سے بچیں اور اس کو منجملہ ان تیس اشخاص دجاجلہ کے سمجھیں جو آنحضرت ﷺ کے بعد جھوٹا دعوے نبوت کریں گے ۔اشاعۃ السنہ نمبر ۶ جلد ۱۳ کے صفحہ ۱۷۲ میں فتوی علمائے پنجاب بحق مرزا قادیانی ملاحظہ ہو۔

۲۔خاکسار محمد حسین نے تو مرزا قادیانی کے دعوی بالمقابلہ تفسیر نویسی اور نشان نمائی کو اسکی قدیم لاف زنی سمجھ کر اور اسلاف زنی کے مقابلہ میں اسی پرانے جواب کو جو اس مقام میں اشاعۃ السنہ جلد ۱۴ و ۱۵ سے نقل کیا گیا کافی خیال کر کے اعراض اختیار کیا اور اپنی بعض ذاتی اور قومی ضرورتوں کے لئے شملہ پہنچا۔مگر سید پیر مہر علی شاہ سجادہ نشین گولڑہ نے مرزا کی دعوت کو قبول کیا اور ایک جمعیت کے ساتھ لاہور میں تشریف لائے اور کئی روز تک مرزا کو بلا کر اسکے لاہور آنے کے منتظر رہے مگر مرزا نے نہ آنا تھا، نہ آیا۔آخر پیر صاحب میدان جیت کر وطن کو واپس تشریف لے گئے اس کی مفصل کیفیت بعنوان روئداد جلسہ اسلامیہ مطبع مصطفائی لاہور میں چھپ کر شائع ہوئی ہے اس مقام میں ہم اس کا خلاصہ بیان کرتے ہیں ۔اس روداد میں بعد حمد وصلوۃ لکھا ہے:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بجز ایک ذلیل اور قابل شرم اور رکیک عبارت اور لغو تحریر کے کچھ بھی لکھ سکیں اور ایسی تحریر کریں جس پر اہل علم تھوکیں اور نفرین کریں کیونکہ میں نے خدا سے یہی دعا کی ہے کہ وہ ایسا ہی کرے اور میں جانتا ہوں کہ وہ ایسا ہی کرے گا اور اگر پیر مہر علی شاہ بھی اپنے تئیں مومن مستجاب الدعوات جانتے ہیں تو وہ بھی ایسی ہی دعا کریں اور یاد رہے کہ خدا تعالیٰ ان کی دعا ہر گز قبول نہیں کرے گا کیونکہ وہ خدا تعالیٰ کے مامور مرسل کے دشمن ہیں۔اس لئے آسمان پر ان کی عزت نہیں۔

گو یہ اشتہار سخت بے ادبانہ اور نا قابل خطاب اور صریحاً خلاف شرائط اقرار نامہ محررہ مذکورہ کے تھا جو کہ مرزا نے اس خیال پر شائع کیا تھا کہ علمائے ہندوستان وغیرہ تو مجھے فتویٰ کفر دے چکے ہیں اور پیر صاحب کبھی میرے مقابلہ میں آنے کی پرواہ نہیں کریں گے کیونکہ (صوفیا بحث مباحثہ سے کنارہ کش رہتے ہیں اور اپنا وقت ایسے جھگڑوں میں ضائع نہیں کرنا چاہتے ) پس نہ تو مقابلہ ہوگا اور نہ بحث بلکہ یوں ہی مفت کی شہرت سے میرا کام بن جائے گا۔

مگر دقت یہ واقع ہوئی کہ پیر صاحب موصوف بنظر اس کے کہ مرزا قادیانی کو عوام الناس میں جھوٹی شیخی بگھارنے کا موقع نہ ملے بالمقابل اشتہار کے ذریعہ سے بوجہ ہمدردی اسلام مباحثہ کیلئے آمادہ ہو گئے ۔اور حسب الدرخواست اسکے ۲۵۔اگست ۱۹۰۰ء تاریخ مباحثہ مقرر کی۔ چنانچہ تاریخ مذکور پر پیر صاحب لاہور تشریف لے آئے مرزا کا اصلی منشاء تو صرف اپنی شہرت و تشہیر کا تھا اور یہ مقصد تو اس ہتھکنڈہ سے اچھی طرح حاصل ہو چکا تھا۔ باقی رہا واقعی مقابلہ سو اس کا جاں گداز خیال مرزا کو لاہور دہلی لدھیانہ وغیرہ مقامات کا وہ پرانا اور پر درد نظارہ کا سماں ( جس میں اس کی خفت اور بے عزتی میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رہا تھا ) دکھاتا تھا اس لئے مرزا نے لاہور تک آنا گوارا نہ کیا۔ پیر صاحب ۲۴ تاریخ سے ۲۹۔اگست ۱۹۰۰ء تک برابر لاہور میں مقیم رہ کر مرزا کی آمد کے منتظر رہے اور ہر دو وقت صبح ۷ بجے سے ۱۲ بجے دوپہر، نیز ۵ بجے سے ۷ بجے شام تک مجلس عام میں جس میں عموماً معززین اسلام و علمائے کرام صدہا موجود ہوتے تھے مرزا کے عقاید کی تردید فرماتے رہے مگر مرزا جی لاہور نہ آئے، پر نہ آئے۔

۲۴ تاریخ سے ۲۶۔اگست کی شام تک انتظار کر کے جملہ اہل اسلام کی رائے سے تجویز ہوا کہ صبح ۲۷۔اگست ۱۹۰۰ء کو مسجد شاہی واقع لاہور میں ایک عام جلسہ منعقد کیا جائے اور اس میں جو کاروائی من اولہ الی آخرہ در بارہ مناظرہ و مباحثہ حضرت پیر مہر علی شاہ و دیگر علمائے عظام و صوفیائے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کے کوئی وجہ پائی نہیں گئی۔اس پر بھی حضرت شیخنا وشیخ الکل اور آپ کے دونوں (نبیرہ) صاحبزادوں کے دستخط ثبت تھے۔

اس سوال کا دوسرا جواب جناب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی قلم کا لکھا ہوا یہ درج تھا کہ ایسے شخص کا نکاح پڑھا ہوا درست ہے اگر جملہ شرائط موجود ہوں کیونکہ نکاح خواں کا مسلمان یا صالح ہونا بھی شرط نہیں۔اس جواب پر مولوی عزیز الرحمٰن صاحب، مولوی محمود علی صاحب وغیرہ علمائے دیوبند کے دستخط تھے۔

ان دونوں سوالوں کا ایک اور جواب مولوی عبدالعزیز صاحب بن مولانا علاء الدین صاحب متوطن کوم ضلع لدھیانہ مقیم پٹیالہ کی طرف سے یہ درج کیا گیا تھا کہ جو شخص خلاف مذہب اسلام کوئی حرکت نہیں کرتا اور قرآن وحدیث کے موافق عمل کرتا ہے اس کے پیچھے نماز میں اقتداء کرنا یا اس سے نکاح خوانی کرانا جائز ہے۔مرزا صاحب سے بیعت ہونا نکاح خوانی یا امام بنانے سے مانع نہیں ہے۔

اس جواب پر اور جن نام کے مولویوں مدرسین انگریزی مہندر کالج کے دستخط ثبت تھے ان میں سے مسلمان سنی ایک بھی نہیں ہے۔سب کے سب مرزائی، مرزا قادیانی کے مرید یا معتقد تھے اور پٹیالہ کے مشہور ومعروف مفتی مولوی محمد اسحاق صاحب کے دستخط اس پر نہ تھے۔

ان فتووں کو پڑھ کر خاکسار کو سخت تعجب پیدا ہوا کہ میرے عزیز مفتی اول (عبدالحفیظ) اور دیگر حضرات کبراء اہل تصدیق وافتاء نے صرف بیان سائل اور سوال کے الفاظ پر جواز کا فتوی لگا دیا اور اس سوال کے موقعہ ومحل ونتیجہ کی طرف توجہ کو منعطف نہ فرمایا پھر خاکسار نے ان سوالات کے محل وموقعہ ونتیجہ کو پیش نظر رکھ کر ان کا صحیح جواب تحریر کر کے ان ہی حضرات (حضرت شیخنا وشیخ الکل اور مولانا رشید احمد صاحب اور بواسطہ ان کے علماء دیوبند اور بواسطہ حاجی گل محمد ساکن پٹیالہ مولوی عبدالعزیز صاحب ومولوی محمد اسحاق صاحب ساکنان پٹیالہ) کی خدمت میں ارسال کیا۔اور ان حضرات اور علماء لاہور امرتسر وغیرہ کے پاس بھی بھیج دیا تو خدا کے فضل وتوفیق سے ازانجملہ مولوی عبدالعزیز صاحب مقیم پٹیالہ نے تو اس جواب سے (جو ان دھوکے باز مرزائیوں نے میرے پاس بھجوایا تھا) صاف انکار کیا اور اس کو ان ہی حضرات نائبین قادیانی کی جعل سازی قرار دیا چنانچہ حاجی گل محمد صاحب اپنے خط ۱۰ ستمبر ۱۸۹۸ء میں لکھتے ہیں:

جناب مخدوم مکرم مولوی محمد حسین صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بجواب سامی نامہ مکلّف خدمت ہوں کہ جناب کا خط مولوی عبدالعزیز صاحب کو بجنسہ رحیم بخش گھڑی ساز کی دکان پر ملاحظہ کرایا گیا بجواب اس کے انہوں نے فرمایا کہ نکاح خوانی کے فتوی کی مجھ کو کچھ خبر نہیں نہ وہ فتوی میرے پاس آیا اور میں نے اس پر مہر کی۔

نیاز مند گل محمد ۱۰ ستمبر ۱۸۹۸ء

اور باقی حضرات نے کمال فراخ دلی اور بلند حوصلگی سے اپنے ان فتووں سے رجوع کیا اور سلف امۃ اکابر آئمہ کی اس سنت قدیمہ پر کہ انہوں نے بعض مسائل میں اپنے اقوال سے رجوع فرما کر اپنے شاگردوں کے اقوال کو اختیار و پسند فرمایا تھا، عمل کر کے دکھایا۔ اور دوسرے علماء نے جن کے پاس یہ فتوی پہنچا اس کو تصدیق فرمایا۔

ذیل میں اپنے اس فتوی اور ان سوالات کے صحیح جواب اور ان حضرات کی تصدیق و تائیدات کو نقل کیا جاتا ہے اس کے بعد ان سوالات کے محل موقعہ اور اس فتوی کے نتیجہ سے ناظرین کو مطلع کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالی۔

سوال اول: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ جو شخص خلاف سنت عمل نہیں کرتا قرآن وحدیث کے موافق عمل کرتا ہے اور مرزا صاحب قادیانی سے اس کی بیعت کی اس کو نماز کے لئے پیش امام بنانا شرع شریف میں جائز ہے یا نہیں؟

سوال دوم۔ ایسے شخص سے نکاح خوانی کرانا جائز ہے یا نہیں؟ راقم۔ سراج الدین از خان پور

الجواب: مرزا غلام احمد کے عقائد باطلہ کفریہ و بدعیہ اس کی کتابوں اور اشتہاروں میں درج ہیں جو غالباً اس کے ہر ایک مرید کے پاس موجود ہیں اور ان ہی اعتقادات کی وہ اپنے مریدوں کو تلقین کرتا ہے از انجملہ چند اعتقادات اس کی کتابوں سے بطور تمثیل نقل کئے جاتے ہیں۔

۱۔ حضرت مسیح ابن مریم فوت ہو چکے ہیں لہذا آنے والا مسیح یہی مرزا قادیانی ہے (یہ عقیدہ اس کی اکثر کتابوں فتح اسلام، توضیح مرام، ازالہ اوہام وغیرہ میں درج ہے)

۲۔ یہی امام مہدی ہے جسکے آنیکی حدیثوں میں خبر ہے (ازالہ اوہام۔ صفحہ ۵۶۸۔ حجۃ اللہ۔ ص ۲۹۔ سرالخلافہ۔ ص ۳۹، ۵۲)

۳۔ یہی وہ رسول احمد ہے جس کی بشارت قرآن مجید سورہ صف میں حضرت عیسی کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اس قول میں منقول ہے و مبشّراً برسول یّاتی من بعدی اسمه احمد۔ اور رسالت ہنوز ختم نہیں ہوئی (ازالہ اوہام۔ ص ۶۷۳) وغیرہ

۴۔ حضرت عیسیٰؑ بن مریم کے وہ معجزات جو قرآن مجید میں مذکور ہیں کہ وہ مردہ کو زندہ کرتے، مٹی سے پرند بناتے، کوہڑی اور اندھے کو اچھا کرتے، وہ سب از قسم شعبدہ بازی و عمل مسمریزم تھے۔ قادیانی اس عمل کو مکروہ و قابل نفرت نہ جانتا تو ان کا موں میں ابن مریم سے کم نہ رہتا۔ (ازالہ اوہام۔ ص ۳۰۲، ۳۰۵، ۳۰۹)

۵۔ دجال سے (جس کی آنحضرت ﷺ اور پہلے نبیوں نے خبر دی ہے) مراد پادری لوگ ہیں۔ خر دجال سے ریل گاڑی مراد ہے (جس پر وہ خود بھی سوار ہوا کرتا ہے)۔ دابة الارض سے علماء وقت مراد ہیں۔ یاجوج ماجوج سے انگریز اور روس مراد ہیں۔ ان حقائق کی رسول اللہ ﷺ کو خبر نہ تھی جو قادیانی کو ہوئی (ازالہ اوہام۔ ص ۶۹۱) وغیرہ

۶۔ حضرت مسیح ابن مریم کو زندہ سمجھنا اور ان کے آنے کا منتظر رہنا مشرکوں کا اعتقاد ہے ۔ وغیرہ (اشتہار ۲۰ مئی ۱۸۹۱ء)

۷۔ دوزخ و بہشت اور ان کے آلام و نعیم کا خارجی و جسمانی وجود نہیں ہے بلکہ صرف ظلی و مثالی وجود ہے جو انسان کی روحانی حالتوں کے اظلال و آثار ہوں گے (دیکھو لیکچر قادیانی رپورٹ جلسہ اعظم مذاہب کے صفحہ ۱۸۲ میں اور اخبار مخبر دکن ۲۵ مارچ ۱۸۹۷ء کے صفحہ ۲۸ میں)

(اصل عبارت مرزا قادیانی یہ ہے: اب خلاصہ کلام یہ ہے کہ قرآن شریف کی رو سے دوزخ اور بہشت دونوں اصل میں انسان کی زندگی کے اظلال و آثار ہیں وہ کوئی ایسی نئی جسمانی چیز نہیں ہے جو دوسری جگہ سے آوے۔ یہ سچ ہے کہ وہ دونوں جسمانی طور سے متمثل ہوں گے مگر وہ اصل روحانی حالتوں کے اظلال و آثار ہوں ہم لوگ ایسے بہشت کے قائل نہیں ہیں جو صرف زمین میں جسمانی طور پر درخت لگائے گئے ہوں اور نہ ایسے دوزخ کے قائل ہیں جس میں درحقیقت گندھک کے پتھر ہیں بلکہ اسلامی عقیدہ کے موافق بہشت و دوزخ انہیں اعمال کے انعکاسات ہیں جو دنیا میں انسان کرتا ہے)

ان عقاید کی نظر سے علماء پنجاب و ہندوستان نے مرزا قادیانی کے حق میں یہ فتوی لگایا ہے (جو اشاعۃ السنہ نمبر ۶ جلد ۱۳ میں چھپ کر شائع ہوا ہے) کہ یہ شخص ان عقاید و خیالات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کے سبب اسلام سے خارج ہے اور مبتدع و گمراہ، مسلمان اس سے احتراز اختیار کریں، نہ اس کو سلام کریں، نہ دعوت مسنون میں بلائیں اور اس کے پیچھے نماز میں اقتداء کریں اور اگر ان ہی عقائد پر مر جائے تو اس کا جنازہ نہ پڑھیں۔

اس فتوی کی رو سے جو شخص ان اعتقادات قادیانی کو جان کر اور سن کر اس کو ولی اور بزرگ خیال کرے اور اس اعتقاد کے ساتھ اسکی بیعت و مریدی اختیار کرے وہ بھی قادیانی کے مثل گمراہ و مبتدع ہے۔ مسلمان کو جائز نہیں کہ ایسے شخص کو نماز میں پیش امام بنائیں یا اپنی مجلس نکاح میں اس کو نکاح خواں بنا کر جگہ دیں اور اس کی عزت کریں جو مسلمان ایسا کریگا وہ بحکم احادیث ذیل مورد لعنت ہوگا اسلام کا ڈھانیوالہ۔

بخاری میں ہے: قال رسول اللّٰہ من احدث حدثا او آوی محدّثا فعلیه لعنة اللّٰه و الملائکة و النّاس اجمعین لا یقبل منه صرف ولا عدل۔ یعنی آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص بدعت نکالے یا بدعتی کو جگہ دے اس پر خدا کی اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔ نہ اس کے فرض قبول ہوں گے نہ نفل۔

اور بیہقی سے مشکوٰۃ میں روایت ہے:

قال رسول اللّٰه ﷺ من وقّر صاحب بدعة فقد اعان علی هدم الاسلام۔ یعنی آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس شخص نے اہل بدعت کی توقیر کی اس نے اس کو اسلام ڈھانے میں مدد دی۔

اس مرید قادیانی کی نسبت جو سوال میں کہا گیا ہے کہ وہ قرآن اور حدیث کے موافق عمل کرتا ہے اور ان کا خلاف نہیں کرتا یہ محض غلط ہے اور اس سے مجیب اور مفتی کو مغالطہ دنیا مقصود سائل معلوم ہوتا ہے وہ اس سے بڑھ کر خلاف قرآن اور حدیث کا کیا کرے گا کہ اس نے ایک سخت گمراہ کی بیعت کی اور ان عقاید باطلہ کفریہ بدعیہ کے ساتھ اس کو بزرگ اور ولی جانا۔ اگر وہ عقائد مذکور قادیانی کو گمراہی و بدعت جانتا ہے تو پھر وہ اس گمراہ کا مرید کیوں ہوا۔ اور اگر وہ ان عقاید قادیانی سے بے خبری کی وجہ سے اس کے دام بیعت میں پھنس گیا ہے تو اب وہ اس بیعت کو فسخ کیوں نہیں کرتا۔ اور اس کو خیر باد کیوں نہیں کہتا اور اگر وہ بھی ان عقاید قادیانی کا معتقد ہے اور ان عقاید کو برحق جانتا ہے تو ان عقاید کے ساتھ اس کا کوئی عمل نماز روزہ وغیرہ (گو بظاہر قرآن و حدیث

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کے موافق نظر آتا ہو) مقبول نہیں بحکم احادیث مذکورہ و دیگر احادیث کثیرہ کہ از انجملہ یہ حدیث بخاری و مسلم میں ہے قال رسول اللّٰہ ﷺ من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو ردّ یعنی آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو کوئی دین میں ایسی نئی بات نکالے جو اس میں سے نہ ہو وہ اسی کی طرف پھیری جائے گی یعنی قبول نہ ہوگی

واز انجملہ حدیث صحیح بخاری ہے جو خوارج اہل بدعت کے حق میں وارد ہے:

قال رسول اللّٰہ ﷺ یخرج فی ھذہ الامّۃ قوم تحقرون صلوتکم مع صلوتھم یقرؤن القرآن لا یجاوز حلوقھم او حناجرھم یمرقون من الدّین کمروق السھم من الرّمیّۃ یعنی آنحضرت ﷺ نے فرمایا اس امت میں ایسے لوگ نکلیں گے جن کے مقابلہ میں تم اپنی نمازوں کو تھوڑا سمجھو گے یعنی ان کی نمازیں بظاہر تمہاری نمازوں سے زیادہ ہوں گی وہ قرآن پڑھیں گے جو ان کے حلق سے متجاوز نہ ہوگا یعنی محل قبولیت کو نہ پہونچے گا۔ وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔

اس قسم کی احادیث اور بہت ہیں جن سے ثابت ہے کہ کوئی عمل نماز پڑھنا تلاوت کرنا وغیرہ مقبول نہیں جب تک اعتقاد بدعت سے پاک نہ ہو لہذا مسلمانوں کو جائز نہیں کہ ایسے گمراہ کو امام بنائیں یا اس کو نکاح کی مجلس میں بلا کر عزت دیں اور اس سے نکاح خوانی کرائیں بالجملہ قادیانی کے مرید رہنا اور مسلمانوں کا امام بننا دونوں باہم ضدیں ہیں جمع نہیں ہوسکتیں۔ راقم ابوسعید محمد حسین عفی عنہ

الجواب صحیح ، اور جو جواب پہلے میاں عبدالحفیظ کی قلم سے لکھا گیا ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ فقط۔ راقم، محمد نذیر حسین

یہ جواب صحیح ہے۔ جس کے یہ عقاید ہیں اس کو اسکے اتباع کو امام بنانا اور ان سے نکاح پڑھوانا حرام ہے اگر چہ انعقاد نکاح ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اس میں ان کی توقیر ہے اور توقیر ایسے بیدینوں کی حرام ہے، اور قبل اسکے جو بندہ نے فتوی جواز نکاح کا دیا ہے اس سے مراد صحت نکاح ہے مگر قاضی بنانا اس کا ہرگز جائز نہیں پہلے فتوی میں اس امر سے ذہول رہا۔ صرف اس امر کا جواب دیا گیا کہ نکاح درست ہو جائے گا۔ فقط واللہ اعلم ۔ بندہ رشید احمد عفی عنہ

واقعی اگر وہ مرید قادیانی کا عقاید باطلہ میں شریک قادیانی کا ہے اور عقیدہ اس کا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


مثل عقیدہ قادیانی ہے تو امام بنانا اس کا حرام ہے اور اس سے نکاح خوانی کرانا حرام ہے اور اس مرید کا بیعت قادیانی کو فسخ نہ کرنا دلیل استحسان عقاید قادیانی ہے اس صورت میں وہ مثل قادیانی ہے اور امام بنانا اس کا روا نہیں اور نکاح اس کا پڑھایا ہوا اگرچہ منعقد ہو جاتا ہے لیکن اس کو نکاح خوان بنانا جس میں اسکی تعظیم پائی جاتی ہے درست نہیں، فقط، واللہ تعالیٰ اعلم۔ کتبہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ دیوبندی

الجواب صحیح محمد منفعت علی مدرس مدرسہ عربیہ دیوبند

الجواب صحیح: بندہ محمد محمود عفی اللہ عنہ

الجواب الصحیح و المجیب نجیح۔ عبدالجبار غزنوی عفی عنہ

الجواب صحیح۔ ابوزبیر غلام رسول الحنفی القاسمی عفی عنہ

جو شخص ثابت ہو کہ واقعی وہ قادیانی کا مرید ہے بلاکسی شرط اور حیثیت کے اس کو امام بنانا یا اس سے نکاح خوانی کرانا یا اس سے رشتہ مناکحت کا رکھنا ناجائز ہے۔

ابوعبید احمد اللہ عفی عنہ امرتسری

یہ جواب جو علمائے عظام نے لکھا ہے بالکل ٹھیک اور بہت درست ہے اور جس کی نسبت لکھا گیا ہے کہ عامل قرآن و حدیث ہے اور مرزا کا مرید ہے غلط ہے جو مرزا کے مرید ہیں سب قرآن و حدیث کے مخالف ہیں ایسے خبیث کی امامت جائز نہیں۔

راقم۔ العائذ باللہ المستعان محمد علی واعظ عفاعنہ الرحمٰن

الجواب۔ مولوی رشید احمد صاحب کے جواب سے متفق ہوں اور قبل ازیں اس کے قریب قریب ایک مستقل فتویٰ لکھ چکا ہوں۔ محمد اسحاق عفی عنہ مفتی پٹیالہ

ایں جواب صحیح است وحق صاف وصریح است۔ محمد یار عفی عنہ امام مسجد طلائی لاہور

الجواب صحیح۔ غلام احمد مدرس اول مدرسہ نعمانیہ لاہور

الجواب صحیح۔ عبداللہ مدرس ثانی مدرسہ نعمانیہ لاہور

اقوال اور عقاید مندرجہ جواب محولہ بالا کتب مرزا قادیانی برخلاف عقاید اسلام ہیں۔

غلام محمد البگوی امام شاہی مسجد لاہور

(ماہنامہ اشاعۃ السنہ جلد ۱۹ص ۱۳۳ تا ۱۴۰)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# پرافٹ قادیان کی پیشگوئی

## ۲۱ نومبر ۱۸۹۹ء

حضرت مولانا محمد حسین بٹالویؒ لکھتے ہیں:

مرزا غلام احمد پرافٹ (پیشین گو) قادیان کا تو یہ دعوی ہے کہ اس کی صدہا بلکہ ہزارہا پیش گوئیاں پوری ہوگئی ہیں جن کو اس کے کم فہم و نادان پیروان نے مان لیا ہے۔ مگر جو لوگ عقل و قلب سلیم وفہم وحواس مستقیم رکھتے ہیں وہ یقیناً جانتے ہیں کہ مرزا قادیانی کی ایک پیش گوئی بھی پوری نہیں ہوئی اور وہ سب کی سب جھوٹ نکلی ہیں۔ ہر چند بعض پیشگوئیاں کاہنوں، رمالوں، نجومیوں، جوتشیوں، اڑڑپوپو کہلانے والوں کی بھی توافق اصول اخذ یا اتفاق سے پوری ہو جاتی ہیں مگر خدا کی قدرت اور حکمت اور پرافٹ کی الٹی کرامت کو دیکھو کہ اس کی پیشگوئیوں میں سے ایک بھی سچی نہیں نکلی۔ اس کی بڑی مشہور پیش گوئیاں تین ہیں: عبداللہ آتھم کی موت کی پیش گوئی۔ پنڈت لیکھ رام کے قتل یا خواری کی پیش گوئی، اور شوہر زوجہ فرضی پرافٹ قادیان کی موت کی پیش گوئی (جن پر اس کو اور اس کے دام افتادوں کو بڑا ناز ہے) مگر ماہنامہ اشاعۃ السنہ جلد ۱۵، ۱۶، ۱۸ کے ناظرین پر مخفی نہیں کہ ان تینوں میں سے ایک بھی مطابق بیان پرافٹ قادیان کے پوری نہیں ہوئی۔

عبداللہ آتھم اور لیکھ رام گو فوت ہو گئے مگر میعاد پیش گوئی پرافٹ قادیان کے مخالف، نہ کہ اس کے مطابق (جس میں ناظرین جلد ۱۸ وغیرہ اشاعۃ السنہ کو ذرہ بھر شک نہ ہوگا) اور شوہر زوجہ فرضی پرافٹ قادیان تو اب تک زندہ رہا اور بچے جنا رہا ہے (جس میں کوئی احمق سے احمق بھی جو آنکھ کان سلامت رکھتا ہوگا ذرہ بھر شک نہ کرے گا)۔

اسی سلسلہ پیش گوئیوں میں پرافٹ قادیان نے خاکسار محمد حسین کے حق میں تیرہ مہینے کے معیاد کی پیش گوئی عذاب ۲۱ نومبر ۱۸۹۹ء کو کی تھی جو جھوٹی نکلی اور پوری نہ ہوئی۔ اور اس کا نتیجہ ایسا ظاہر ہوا کہ اس کی اس قسم کی پیش گوئیوں کا خاتمہ ہوگیا (جس کی تفصیل ہمارے مضمون، مرزا کو ہم نے کیوں چھوڑا؟ میں ہو چکی ہے) اس پیش گوئی کے جھوٹی نکلنے اور اس سے نتیجہ مذکورہ ظاہر ہو جانے کے بعد ہم کو حاجت نہ تھی کہ ہم اس پیش گوئی کے متعلق قلم اٹھاتے اور اس کا پورا نہ ہونا ثابت کرتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


۔اگرظہوراس نتیجہ کے بعد پرافٹ قادیان اس پیش گوئی کی سچائی کا دم نہ بھرتا اوراس کی سچائی ملمع دکھانے کیلئے اشتہارات ۳، ۶، ۷ فروری و ۲۷ نومبر دسمبر؟ ۱۸۹۹ء جاری نہ کرتا۔مگر کمال افسوس ہے کہ اس نے بڑی سرگرمی وعرق ریزی سے ان اشتہارات کومکرر چھپوا کر شائع کیا۔اوراس پیشگوئی کے پورے ہونے کا دعوی کر کے مصرع مشہور: چہ دلا وراست دز دے کہ بکف چراغ دارد، کا مصداق بن کر دکھا دیا۔اس پر بھی ہم نے صبر وسکوت اختیار کیا اور اس بیہودہ کاروائی پرافٹ کولغو وبے اثر سمجھا اوراس وجہ سے عرصہ تین سال (۱۸۹۹ء سے ۱۹۰۱ء) تک ان کا نوٹس نہ لیا۔سال حال (۱۹۰۲ء) میں اس کے اشتہار ۲۷ دسمبر ۱۸۹۹ء کی صرف دو باتوں پر (۱۔اڈیٹر اشاعۃ کوگورنمنٹ سے زمین عطا ہونا وہ ذلت ہے جس کی پیش گوئی اشتہار ۲۱ نومبر ۱۸۹۹ء میں ہوئی تھی۔۲۔مجسٹریٹ ضلع گورداسپور نے اڈیٹر اشاعۃ السنہ سے اقرار کرالیا تھا کہ وہ آئندہ پرافٹ قادیان کوکافر نہ سمجھےاوراپنے فتوی تکفیرکومنسوخ کردے) رسالہ نمبر ۴ کے صفحہ ۹۶، ۱۰۷ میں مختصر ریمارک کیا تھا کہ یہ باتیں محض دروغ بےفروغ ہیں۔

ان دنوں ہم نے ایک شخص کواسکے بدافعال و بیجا حرکات سے روکا اورمحض حسبۃً للّٰہ و نصحاً لخلق اللّٰہ ٹوکا تو اس نے ہماری نصیحت کے مقابلہ پر پرافٹ کے اشتہارات جنوری ۱۸۹۹ء کودست آویز بنا کرہم پر یہ اعتراض کیا کہ وہ زمین جوتم کوعطا ہوئی وہ مہدی سے انکارکرنے کے صلے میں عطا ہوئی ہے لہذا اس زمین کی آمدنی تمہارے لئے ناجائز ہے۔اس شخص کا یہ اعتراض بعینہ اس شخص کا سا اعتراض ہے جس کوکسی ناصح مشفق نے کہا تھا کہ بھائی تمہارے آزار ٹخنے سے نیچے ہیں اور یہ شرعاً جائز نہیں تواس نے اس کے جواب میں کہا کہ میاں تمہارے باوا جی کے نکاح پر جوکھانا کھلایا گیا تھا اس میں نمک کہاں برابر تھا۔

اس شخص کے اس اعتراض سے ہم کو یہ خیال پیدا ہوا کہ دنیا نافہم احمقوں سے خالی نہیں بلکہ بقول بہلول دانا دنیا میں عقل مندوں کی نسبت احمق ہی زیادہ ہیں شائدان اشتہارات پرافٹ قادیان نے اوراحمقوں کوبھی اس شبہ میں ڈال رکھا اوران اشتہارات کے مضمون کوسچا بتا کر اس خاکسار کی نسبت بدگمان کررکھا ہو۔ان بدگمان احمقوں کی بدگمانی دورکرنے کو(نہ پرافٹ قادیان سے بحث کا اکھاڑا جمانےکو) ہم ان اشتہارات کی غلط بیانیوں کوظاہرکرکے یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ پرافٹ قادیان کی وہ پیش گوئی پوری نہیں ہوئی اور سچی نہیں نکلی اس پیش گوئی کوسچا کرنے کے لئے جواس نےعمل کیا ہے اس میں مسلمانوں کودھوکہ دیا ہے اور جوکچھ اشتہارات ۳، ۶، ۷ جنوری و ۲۷ دسمبر ۱۸۹۹ء میں اس نے کہا ہے،اس میں خاکسار پراورعلما وقت پراور مجسٹریٹ ضلع گورداسپور پر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


افترا ء کیا اور بہتان باندھا ہے۔ نہ اس عاجز نے کسی تصنیف یا اشتہار یا مجلس میں اصلی امام مہدی سے انکار کیا، نہ اس انکار کے سبب علماء وقت نے میری نسبت کوئی فتوی دیا ہے، اور نہ اس انکار کا کوئی صلہ مجھے گورنمنٹ سے ملا ہے۔

غلط بیانی اشتہار ۲۷ دسمبر ۱۸۹۹ء کے متعلق رسالہ نمبر ۴ جلد ہذا میں ریمارک ہو چکا ہے اشتہارات ۳، ۶، ۷ جنوری ۱۹۸۸ء کی غلط بیانیوں کا اظہار اس مضمون میں کیا جاتا ہے و باللہ التوفیق

پس واضح ہو کہ پرافٹ قادیان کی پیشگوئی ۲۱ نومبر ۱۸۹۹ء کا یہ مضمون تھا کہ فلاں فلاں اشخاص (اس خاکسار اور دو اشخاص دیگر ملا محمد بخش منیجر اخبار جعفر زٹلی، اور مولوی سید ابوالحسن تبتی) کو تیرہ مہینے میں ذلت کی مار ہو گی۔ جس کے معنی لغت عرب اور ہند کی شہادت اور پرافٹ صاحب کی قدیم بول چال و محاورہ اور عادت کے مطابق یہ سمجھی گئی کہ اس عرصہ میں اس خاکسار اور دوسرے دو اشخاص پر عذاب آئے گا، جو قتل کو بھی شامل ہے کیونکہ قرآن میں جہاں کہیں لفظ عذاب وارد ہے اس کے معنی ترجمہ ہندی شاہ عبدالقادر صاحبؒ اور ایک سیالکوٹی مرید قادیانی میں لفظ مار سے کی گئی ہے اور لفظ مار یا عذاب سے قرآن مجید میں بضمن قصہ فرعون آیت یسومونکم سوء العذاب میں قتل کے معنی مراد بتائے گئے ہیں اور پرافٹ صاحب نے خود بھی اپنی بعض پیش گوئیوں میں اس عذاب سے مراد قتل بتائی ہے اس وجہ سے خاکسار نے اس پیش گوئی سے قتل مراد سمجھ کر اپنی حفاظت کے لئے لائسنس ہتھیاروں کی درخواست کی تھی۔ پرافٹ صاحب کو جب اس امر کا علم ہو گیا اور اس معنی کی مراد سمجھے جانے کو اس نے سن لیا تو اس نے بخوف عدالت معنی قتل کو ٹلانے کے لئے ذلت کی مار سے مراد یہ قرار دی کہ جیسے ابوسعید محمد حسین کی کوشش سے ان پر فتوی کفر لگایا گیا ہے ایسا ہی اور اسی کی مانند اس پر فتوی لگایا جانا اس پیش گوئی سے مراد ہے۔ مگر اس نے غور فرما کر یہ تو نہ سوچا کہ اگر اس پیش گوئی میں عذاب سے اس قسم کی ذلت مراد ہے تو پھر یہ پیش گوئی دوسرے دو شخصوں (ملا محمد بخش منیجر اخبار جعفر زٹلی اور سید ابوالحسن تبتی) کے حق میں کیوں کر پوری ہو گی۔

ان دونوں صاحبوں نے تو اس مضمون کا فتوی پرافٹ قادیان کے حق میں جاری و مشتہر نہ کیا تھا اور نہ ان دونوں کے حق میں پرافٹ قادیان نے اس مضمون کا فتوی حاصل کر کے اس ذلت کا ان کو محل بنایا ہے۔ و مع ہذا اس معنی ذلت کو پیدا کرنے کے لئے آپ نے خود کوشش کی اور اس قسم کا فتوی کفر حاصل کرنے کے لئے آپ نے یہ تدبیر نکالی کہ اپنے خیال میں مجھے مہدی کی آمد کا منکر قرار دیا اور منکر مہدی کے حق میں ایک استفتا لکھ کر اپنے دو مخلص مریدوں ڈاکٹر اسماعیل خان ملازم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


افریقہ اور مرزا خدا بخش ملازم مالیر کوٹلہ کے ہاتھ میں دیا اور ان کو یہ سمجھایا کہ وہ علماء امرتسر، لاہور، دہلی کے پاس جا کر خود بدولت پرافٹ صاحب کا نام لیکر اور ان کے اعتقاد کی حکایت و شکایت کر کے ان کو منکر مہدی بنا کر ان کے حق میں فتوی حاصل کریں تا کہ اس فتوی کو آپ خاکسار پر جما دیں

ان مخلص مریدوں نے حسب ہدایت پیر ایسا ہی کیا، سب سے پہلے مفتی مولوی عبدالحق غزنوی کے پاس جا کر ڈاکٹر صاحب نے بیان کیا کہ میں افریقہ سے آیا ہوں۔ وہاں مرزا غلام احمد قادیانی کے خیالات آمد مہدی سے انکار وغیرہ پھیل گئے ہیں۔ میں ان لوگوں کی اصلاح و درستی کے خیال سے یا وہاں سے ان کے اخراج کے لئے یہ استفتاء پیش کرتا ہوں آپ اس کا جواب دیں۔ ایسا ہی اور علماء کے پاس بیان کیا اور منکر مہدی پرافٹ قادیان کو بنایا۔

ان حضرات نے بھی مسئول عنہ ومحل استفتاء اسی پرافٹ کو سمجھا اور اس پر فتوی کفر وغیرہ لگا دیا، جب ڈاکٹر اسماعیل وہ فتوی کفر حاصل کر کے پرافٹ کے حضور میں پہنچے تو آپ کی درگاہ میں ان کی عزت وتحسین ہوئی۔ اور ان کی اس دھوکہ دہی پر صد آفریں کہی گئی جسکے وقوع وثبوت پر رسالہ موسومہ، دومسلمانوں کا حلفی بیان، شاہد ہے جو اسلامیہ پریس لاہور میں چھپ کر شائع ہوا ہے جنہوں نے وہ رسالہ نہیں ہے وہ خاکسار سے طلب کر سکتے ہیں۔ اور مولوی عبدالحق غزنوی وغیرہ علماء کے پاس ڈاکٹر اسماعیل خان کا بیان مذکور مولوی عبدالحق کے اشتہار اور ان کے اور دیگر علماء کے جوابات استشہاد میں جو اس مضمون میں منقول ہوں گے، نیز پایا جاتا ہے۔ اور یہ بات پرافٹ صاحب نے خود بھی اپنے اشتہار ے جنوری ۱۸۹۹ء میں شائع کر دی ہے کہ علماء اہل افتاء نے وہ فتوی خود مرزا قادیانی کے حق میں دیا ہے، خاکسار (محمد حسین) کے حق میں وہ فتوی نہیں دیا۔ اور کہا ہے اگر علماء اہل افتاء کو یہ امر معلوم ہوتا کہ وہ استفتاء ابوسعید محمد حسین کی نسبت کیا گیا ہے تو وہ ہرگز اس کے حق میں فتوی نہ دیتے۔ یہ بات اصل عبارت اشتہار ے جنوری ۱۸۹۹ء سے جو عنقریب منقول ہوگی ناظرین کو بخوبی ثابت ہوگی۔

اس سے ناظرین کو یقین ہوسکتا ہے کہ پرافٹ کی پیش گوئی اس بناوٹی معنی سے بھی پوری نہیں ہوئی کیونکہ کسی مولوی نے وہ فتوی خاکسار کے حق میں نہیں دیا اور اس عاجز کو منکر مہدی ٹھہرا کر کافر وغیرہ نہیں کہا، جو کچھ کہا وہ بحسب اعتراف خود پرافٹ کے ان ہی کو کہا ہے اور ان ہی کے حق میں (جو اعتقاد آمد مہدی موعود سے منکر ہونے کے برملا مدعی ہیں اور اس پر فخر کرتے ہیں) فتوی دیا ہے۔

اور اگر بالفرض والتقدیر وہ علماء میرے کلام میں آمد مہدی سے انکار پاتے اور اس وجہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ایک بہتان یہ ہے کہ یہ شخص دل سے ایسے مہدی کے آنے کا (جو انگریزوں وغیرہ سے لڑنے آئے گا) معتقد و قائل ہے اور احادیث متعلقہ مہدی کو جو اسنے اپنے رسائل میں ضعیف کہا ہے اس سے رجوع کر چکا ہے اور اس رجوع سے علماء وقت کو اطلاع دے چکا ہے۔ اور اس اعتقاد میں وہ تمام علماء وقت کا ہم عقیدہ و ہم خیال بلکہ ان کا معلم و سرگروہ ہے۔ اور فہرست انگریزی مضامین اشاعۃ السنہ میں (جو ۱۴۔ اکتوبر ۱۸۹۸ء کو اس نے خفیہ طور پر شائع کی ہے) گورنمنٹ کے سامنے اس اعتقاد سے انکار ظاہر کرنے میں اس نے جھوٹ اور فریب اور نفاق سے کام لیا۔

۲۔ دوسرا بہتان اس کے برخلاف و متناقض یہ کہ یہ شخص دل سے مہدی موعود کے آنے سے منکر ہے اور گورنمنٹ کے پاس اس انکار کے اظہار میں جو فہرست انگریزی مضامین اشاعۃ السنہ مطبوعہ ۱۴۔ اکتوبر ۱۸۹۸ء میں اس نے کیا ہے، وہ سچا ہے اور گورنمنٹ کا سچا اور مخلص فرمان بردار ہے۔ اس کی اس دلی انکار کی وجہ سے علماء وقت نے اس کو مسلمانوں کے پاس جھوٹ بولنے والا اور منافق قرار دے کر اس پر کفر کا فتوی لگا دیا ہے۔

ایسے ہی علماء اہل افتاء پر پرافٹ قادیان نے دو مختلف و متناقض بہتان قائم کئے ہیں۔

اول: یہ کہ انہوں نے اس شخص (محمد حسین) کی فہرست مطبوعہ ۱۴۔ اکتوبر ۱۸۹۸ء پر اطلاع پائی تو اس شخص کو منکر مہدی سمجھ کر اس پر فتوی لگا دیا اور اس کی نسبت تعجب سے کہا کہ یہ شخص منافق ہے۔ ہمارے سامنے مہدی کی آمد کا اعتقاد ظاہر کرتا رہا اور ہم کو یہ عقیدہ سکھاتا رہا اور در حقیقت یہ مہدی سے منکر ہے اور گورنمنٹ کا خیر خواہ ہے اور آج تک ہم کو دھوکہ دیتا رہا اور ہمارے ساتھ منافقانہ برتاؤ کرتا رہا۔

اس بہتان کے ساتھ اور اس کے متعلق قادیانی نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ فعل ان مولویوں کا گو عام لوگوں کے خیال میں دینداری کی وجہ سے ہو مگر در حقیقت یہ ان کی بے دینی ہے کیونکہ مہدی موعود کی بابت جس قدر حدیثیں صحاح ستہ میں لکھی گئی ہیں ان میں سے کوئی بھی صحت کو نہیں پہنچی وہ سب کی سب جرح سے خالی نہیں۔ لہذا منکر مہدی کی نسبت ان کے یہ فتوے ناپاک ہیں جو محض بے دیانتی کی راہ لکھے گئے ہیں۔

دوسرا بہتان۔ بہتان اول کے برخلاف علماء اہل افتاء پر یہ کہ ان مولویوں نے وہ گندے اور ناپاک فتوے محض بد نیتی سے لکھے ہیں انہوں نے منکر مہدی مجھ (قادیانی) کو سمجھا اور اگر وہ یہ سمجھتے کہ یہ فتوی ابو سعید محمد حسین کی نسبت اور اس کے حق میں پوچھا گیا ہے تو وہ ہرگز یہ فتوی نہ دیتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


پھر خاکسار کے حق مین ان کا یہ فتوی نہ دینے کی وجہیں (جو قادیانی نے بیان کی ہیں) وہ بھی آپس میں متناقض ومتخالف ہیں۔

وجہ اول: یہ کہ وہ سب مولوی بے دین اور منافق ہیں۔ اس وجہ سے مجھ (قادیانی) کو منکر مہدی سمجھ کر کافر وخارج از اسلام قرار دے چکے، مگر یہی بات (انکار اعتقاد آمد مہدی) وہ محمد حسین میں پاتے ہیں تو اسکو کافر وخارج از اسلام نہیں سمجھتے اور اس سے میل ملاقات ترک نہیں کرتے۔

دوسری وجہ اس کی متناقض یہ کہ وہ محمد حسین بٹالوی کو اعتقاد آمد مہدی کا منکر نہیں جانتے بلکہ اسکو اپنا ہم عقیدہ وہم خیال اور اس اعتقاد کا معلم وسرگروہ جانتے ہیں اور اس وجہ سے اس سے میل ملاقات رکھتے اور اس سے اجتناب نہیں کرتے۔

ان افتراؤں اور بہتانوں کے جواب میں اس سے زیادہ کہنا اور اس پر خارجی دلائل کی شہادت پیش کرنا ضروری نہیں کہ قادیان کے یہ افتراء جو مجھ پر کئے ہیں خواہ علماء اہل افتاء پر، آپس میں متناقض ومتخالف ہیں ان میں سے ایک کو سچا اور صحیح مانا جائے تو اس سے دوسرے کا جھوٹ و افتراء ہونا ثابت ہوتا ہے۔

مثلاً خاکسار کی نسبت جو اول بہتان باندھا گیا ہے کہ یہ شخص دل سے آمد مہدی مذکور کا قائل ومعتقد ہے اور اس وجہ سے علماء کا ہم خیال وسرگروہ مانا جاتا ہے اور گورنمنٹ کے پاس آمد مہدی سے انکار کرنے میں گورنمنٹ کو دھوکہ وفریب دے رہا ہے، یہ سچ اور صحیح مانا جائے تو پھر اس کے مخالف دوسرا بہتان کہ وہ دل سے مہدی کا منکر ہے اور اس وجہ سے علماء نے اسکو کافر ٹھہرایا صحیح نہیں ہوسکتا اور اگر اس دوسرے بہتان کو صحیح اور سچا مانا جائے چنانچہ قادیانی نے اشتہار ے جنوری ۱۹۸۸ء میں اس کو یقینی سچ کہا ہے تو اس صورت میں پہلا بہتان کہ یہ شخص دل سے مہدی کا معتقد ہے ۔اور انکار کرنے سے گورنمنٹ کو دھوکہ دے رہا ہے، صحیح نہیں ہوسکتا۔ بحکم عقل اور بشہادت اعتراف قادیانی (جو اشتہار ے جنوری ۱۸۹۹ء میں اپنے کہا ہے) مختلف ومتناقض دو اعتقاد ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے اور نیز علماء اور دیگر اہل عقل ایک ہی شخص کو ایک امر کا منکر اور قائل ٹھہرا کر کافر اور مومن بلکہ اہل اسلام کا سرگروہ نہیں کہہ سکتے۔ اور ایک امر کے اقبال یا انکار میں راست بازبھی اور دھوکہ بازبھی نہیں ٹھہرا سکتے اگر میں علماء کے نزدیک آمد مہدی کے قائل اور ان کا معلم اور سرگروہ ہوں تو پھر ان کے نزدیک کافر نہیں ہوں۔ اور اگر ان کے نزدیک اب منکر ٹھہر چکا اور اس اعتقاد کی تعلیم و اظہار سے ان کو دھوکہ دیتا رہا ہوں تو پھر ان کا ہم خیال وسرگروہ نہیں ہوں اور نیز اس صورت میں اس انکار

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


سے گورنمنٹ کو دھوکہ دینے والا اور منافق نہیں ہوں بلکہ گورنمنٹ کے پاس سچ بولنے والا اور اس کا مخلص وفادار ہوں ۔ یہ بات محال اور بحکم عقل ناممکن ہے کہ میں عقیدہ آمد مہدی کے اقرار و اظہار میں سچا ہو کر علماء کا سرگروہ بھی بنا رہوں اور اس میں جھوٹا ہو کر ان کے نزدیک کافر بھی ہوں ۔ ایسا ہی یہ ناممکن ہے کہ اس اعتقاد سے انکار کرنے میں گورنمنٹ کا سچا تابعدار وفادار بھی ہوں اور اس کو دھوکہ دینے والا اور منافق بھی ہوں ایسا ہی جو پرافٹ قادیاں نے اہل افتاء کی نسبت جو اول بہتان باندھا ہے کہ انہوں نے فہرست ۱۴۔ اکتوبر ۱۸۹۸ء میں اس شخص ( خاکسار ) کا اعتقاد آمد مہدی سے انکار دیکھ کر سابق اظہار اعتقاد آمد مہدی میں منافق قرار دیا اور مجھ پر فتوی کفر لگایا صحیح اور سچا تسلیم کیا جائے تو پھر اس کے برخلاف ان پر یہ دوسرا الزام صحیح نہیں کہ انہوں نے وہ فتوی اس شخص ( خاکسار ) پر نہیں لگایا بلکہ قادیانی کو منکر سمجھ کر اس پر فتوی لگایا ہے ۔ اور اگر اس دوسرے بہتان کو صحیح اور سچا مان لیا جائے تو پھر پہلا بہتان کہ انہوں نے اس ( خاکسار ) پر فتوی کفر لگا دیا ہے صحیح نہیں ہوتا ۔ یہ دو باتیں بھی عقلاً محال ہیں اور جمع نہیں ہوسکتیں کہ ان علماء نے خاکسار پر فتوی کفر لگا بھی دیا ہے اور نہ بھی لگایا ہو ۔

ایسے اس فتوی کے نہ لگانے کی دونوں وجہیں باہم متناقض و متخالف ہیں ۔ اگر اول وجہ صحیح تسلیم کی جائے کہ وہ علماء بد دیانت و بیدین ہیں اس خاکسار کو منکر مہدی جان کر پھر بد دیانتی سے مجھ پر فتوی کفر نہیں لگاتے تو اس سے دوسری وجہ غلط ثابت ہوتی ہے کہ وہ علماء اس خاکسار کو منکر مہدی نہیں جانتے اس وجہ سے وہ فتوی کفر نہیں لگاتے ۔ اور اگر اس کو صحیح تسلیم کیا جائے تو اس سے پہلی وجہ رد ہو جاتی ہے ۔

یہ اختلاف بیان پرافٹ قادیان اسکے بہتان ہونے پر کافی دلیل ہے اور ان پر خارجی شہادت کی کچھ ضرورت باقی نظر نہیں آتی تاہم دلائل و شواہد خارجیہ سے اس کا بہتان ہونا ثابت کیا جاتا ہے ۔

خاکسار نے ان علماء اہل افتاء سے استفتاء کیا کہ جو فتوی آپ لوگوں نے منکر مہدی کے حق میں دیا ہے ، کیا وہ خاکسار کے حق میں دیا ہے ۔ اور کیا خاکسار کے کسی کلام میں آپ نے آمد مہدی سے انکار پایا ہے یا نہیں ۔ تو انہوں نے صاف یہ جواب دیا اور فتوی لکھ دیا کہ وہ فتوی ہم نے تمہارے حق میں نہیں دیا کیونکہ تمہارے کسی کلام میں ہم نے آمد مہدی سے انکار نہیں پایا بلکہ وہ فتوی مرزا کے حق میں دیا جسکے رسائل و تصنیفات میں جا بجا آمد مہدی موعود سے صریح انکار پایا جاتا ہے ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اس استفتاء کے ساتھ میں نے ان علماء سے یہ بھی دریافت کیا ہے کہ کیا اس انکار کے برخلاف میں نے آپ لوگوں کے سامنے آمد مہدی کے اعتقاد کا اظہار و اقرار بھی کیا ہے تو اس کے جواب میں بھی انہوں نے صاف فرمایا کہ تم نے آمد مہدی کے متعلق کبھی اعتقاد کا اظہار بھی ہمارے سامنے نہیں کیا اور کہا کہ مہدی کے متعلق نفیاً یا اثباتاً ہمارے سامنے کبھی تم نے کہیں کچھ نہیں کہا۔ ذیل میں ان علماء کے جوابات بعینہ نقل کئے جاتے ہیں۔

بسم اللّٰہ الرّحمن الرّحیم

حضرات علماء وقت سے استفسار و استشہاد

جن علماء نے آج کل منکر مہدی موعود کی نسبت فتوی کفر وغیرہ لکھا ہے ان سے استفسار ہے کہ انہوں نے اس فتوے کے لکھنے کے وقت منکر مہدی کس خاص شخص کو سمجھا تھا۔ مرزا غلام احمد کو یا خاکسار مستفسر کو، یا کسی خاص شخص کو بھی نہیں سمجھا۔ صرف فرضی منکر زید عمر کے حق میں وہ فتوی دیا ہے۔ اگر انہوں نے مرزا غلام احمد کو سمجھا تھا تو اس کی وجہ بیان کریں اور اگر اس خاکسار کو سمجھا تھا تو فرماویں کہ انہوں نے مہدی موعود سے انکار میری زبان سے سنا تھا یا میری کسی تحریر میں پایا تھا اور ایسی کون سی میری تحریر ان کی نظر سے گذری تھی۔

اس استفسار کے مقابلہ میں ان حضرات سے یہ بھی سوال ہے کہ آیا میں نے ان حضرات میں سے کسی صاحب کے پاس ان انکار کے برخلاف اس اعتقاد کا اظہار بھی کیا، اور ان کو کہا تھا کہ مہدی موعود آئے گا اور وہ عیسائیوں وغیرہ کافروں سے لڑیگا، تم اس اعتقاد پر پختہ رہو، یا یہ اعتقاد لکھ کر ان کو دیا تھا اور خاص کر مولوی احمد اللہ صاحب سرگروہ اہل حدیث و میونسپل کمشنر امرت سر سے سوال کیا ہے کہ کیا میں نے آپ کے روبرو کبھی یہ کہا ہے کہ میں نے غلطی سے احادیث متعلقہ مہدی کو ضعیف کہا تھا اب میں نے ان سے رجوع کر لیا ہے۔ آپ حضرات ارا کین دین اور اساطین ملت سید المرسلین ہیں لہذا آپ صاحبوں کے سامنے ادائے شہادت کی ضرورت و وجوب کا بیان کرنا اور آیت و لا تکتموا الشّھادۃ پیش کرنا ضروری نہیں:

المستفسر: ابوسعید محمد حسین اڈیٹر اشاعۃ السنہ

الجواب: اس فتوی کی تصدیق کے وقت میں نے منکر مہدی مرزا غلام احمد کو سمجھا تھا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کیونکہ سائل نے مرزا کو منکر بتایا تھا۔ مولوی محمد حسین صاحب کا مجھے خیال بھی نہیں گذرا تھا۔ میرے روبرو کبھی مولوی ابوسعید محمد حسین نے نہیں کہا کہ میں نے غلطی سے احادیث متعلقہ مہدی کو ضعیف کہا تھا۔ اب میں اس سے رجوع کرتا ہوں۔ ابوعبید احمد اللہ عفی عنہ

جواب استفسار دوم: ہم کو مولوی محمد حسین نے کبھی نہ زبانی کہا نہ لکھ کر دیا کہ مہدی موعود عیسائیوں سے لڑنے کو آئے گا۔ تم اس بات پر پختہ رہو۔ ابوعبید احمد اللہ عفی عنہ

فتوی معہود کے بارے میں یہ بات کہ مستفتی نے ظاہر کیا تھا کہ برہما کے علاقہ میں ایک شخص مرزائی امام مہدی کے ظہور سے منکر ہے میں وہاں نوکر ہوں اور یہ بھی اس نے کہا تھا کہ میں بھی پہلے معتقد مرزا تھا اب میں قادیان سے آیا ہوں ان سے بھی بہت سے مسائل پوچھے۔ سو چونکہ اس نے اکثر جواب برخلاف اہل اسلام کے دیئے ہیں اس لئے میں اب اس کا منکر ہوں۔ نیز مولوی محمد حسین صاحب نے قبل از تحریر فتوی معہود کبھی میرے ساتھ در بارہ امام مہدی کوئی بات نہیں کی نہ اثباتاً نہ نفیاً۔ اور باقی تعیین مصداق فتوی میں، سو یہ کچھ ضرور نہیں۔ فتوی ہر ایک شخص کے حق میں یہی ہوگا، کوئی ہو۔

عبداللہ الغنی ابومحمد زبیر غلام رسول الحنفی القاسمی عفی عنہ

فتوی مذکور نوشتہ مولوی عبدالحق نزد من مستفتی نہ آوردہ بلکہ مستفتی ہم دست شخصے برمکان نزد احقر فرستادہ زبانی شخص مذکور ہمیں شنیدم کہ قادیانی منکر مہدی موعود است در حق او شہ فتوی است۔ لہذا راقم الحروف ہمراہ انکار مہدی انکار نزول عیسی علیہ السلام و خروج دجال ہم شامل نمود تا کہ بینندہ را واضح شود کہ فتوی درحق قادیانی است کہ منکر ہر سہ قادیانی است لاغیر۔ بالفرض اگر غیر از مرزا کسے دیگر منکر این سہ باشد بر وہم ہمیں فتوی است کہ بر مرزا است۔ باقی مولوی محمد حسین صاحب گاہے نزد احقر نہ ذکر انکار مہدی موعود نمودہ نہ اقرار آں۔ عبدالجبار بن عبداللہ الغزنوی رضی اللہ عنہ

فتوی مذکور کے بارہ میں میں نے مفصل اشتہار چھپوایا۔ درحقیقت مستفتی نے مرزا سے سخت تبرا اور انکار ظاہر کیا اور مرزا کو دجال اور دیگر سخت الفاظ سے ذکر کرتا تھا اور کہا کہ فقط مرزائیوں کے اخراج اور اہانت اور تسوید وجہ کے واسطے یہ فتوی چاہتا ہوں کہ مرزائیوں کو افریقہ سے نکال دوں۔ اور مولوی محمد حسین کا نام بھی نہیں لیا۔ رہا مولوی محمد حسین سو اس نے مہدی کے بارے میں اقراراً یا انکاراً ہمارے ساتھ تذکرہ نہیں کیا اور نہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


میں نے مخالف اہل سنت کے کوئی تحریر اس کی دیکھی اور اگر بالفرض مرزا کے سوا کوئی مہدی کے آنے سے انکار کرے تو ہمارا اس پر بھی یہی فتوی ہے جو مرزا کے بارے میں لکھا گیا۔ حررہ عبدالحق غزنوی مباہل قادیانی۔

مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کی نسبت یہ فتوی نہیں لکھا گیا۔انہوں نے میرے سامنے کبھی مہدی موعود کے آنے سے انکار نہیں کیا اور نہ کوئی تحریر بھیجی ہے جس میں اس اعتقاد کا اظہار ہو کہ میں ایسے مہدی کے آنے کا معتقد ہوں جو عیسائیوں وغیرہ سے لڑنے کے لئے آئے گا تم اس اعتقا پر پختہ رہو، بلکہ مہدی کے بارہ میں کبھی نفیاً واثباتاً ذکر نہیں۔

فقیر غلام محمد بگوی عفا عنہ امام مسجد شاہی لاہور

حامداً ومصلیاً

بندہ کے پاس جو استفتاء در باب مہدی موعود آیا تھا تو بندہ اس کو قطعاً مرزا قادیانی کے باب میں یقین کرتا تھا، اور اسی خیال پر اس کا جواب لکھا گیا تھا اور مولوی محمد حسین بٹالوی کے نہ کبھی میں نے زبان سے کچھ سنا اور نہ کسی ان کی تحریر نہ کسی شخص کی تقریر سے انکار مہدی موعود کا معلوم ہوا۔مگر ہاں جو شخص انکار مہدی کرے گا اس کے باب میں وہ ہی فتوے بندہ کا ہے جو مرزا کے باب میں ۔اور چونکہ مہدی موعود کا ہونا صحیح مسلم سے ثابت ہے تو بندہ کو ہرگز گمان نہیں کہ مولوی محمد حسین نے اس کا انکار کیا ہو۔

فقط واللہ اعلم : کتبہ الاحقر بندہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

نوٹ: اس مضمون کو پڑھ کر بھی کوئی شخص مرزا قادیانی کو راست گو سمجھے اور اس کا معتقد رہے تو جانو کہ اس کے عقل وحواس میں فرق ہے اور وہ دیدہ دانستہ آنکھ بند کر کے قادیانی کی پیروی کرتا ہے اور وہ پیر پرست اور ہٹ دھرم اور معاند ہے اور آیت فمن لم یجعل اللّٰہ لہ نورا فما لہ من نور کا مصداق ہے۔

(ماہنامہ اشاعۃ السنہ جلد ۱۹۔ص ۲۵۳۔۲۶۸)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


مولوی محمد یونس خان رئیس دتاولی نے پیسہ اخبار میں مرزا قادیانی کے نام پر اعلان اسی زمانے میں دیا تھا جس کا مضمون یہ ہے:

مخدوم ومکرم بندہ۔ ایڈیٹر صاحب پیسہ اخبار سلمہ اللہ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

پیسہ اخبار مطبوعہ ۲۲ نومبر ۱۹۰۲ء میں ایک مضمون مرزا صاحب کا دیکھنے میں آیا۔ مرزا صاحب اپنی معمولی چالاکی سے اس میں بھی باز نہ آئے یعنی میعاد قصیدہ عربی لکھنے والے کو صرف بیس دن کی مہلت دیتے ہیں۔ اور پیسہ اخبار ہفتہ وار میں مضمون شائع کرایا ہے جو ۱۶ نومبر کا لکھا ہوا ۲۲ نومبر کو شائع ہوا۔ ناظرین کے پاس پہنچنے کے واسطے بھی کچھ عرصہ چاہیے۔ پھر اشعار کا بنانا بھی ایک وقت چاہتا ہے لیجئے وقت ختم اور مرزا صاحب کے داؤ پیچ کی جیت رہی۔ ہمیشہ مرزا صاحب جب کسی انعام کا اشتہار دیتے ہیں تو اس میں وہ سب پہلو پہلے سے سوچ لیتے ہیں کہ ایک کوڑی گرہ سے نہ جائے۔

معلوم ہوتا ہے کہ خود مرزا صاحب کو بھی اپنے دعاوی کی غلطی کا پورا یقین اور اپنی ہار کا خوف دامن گیر ہوتا ہے۔ اسی واسطے دوراز کار شرائط پیش کیا کرتے ہیں مرزا صاحب جو ہر ایک امر میں پیغمبروں کی حرص کرنا چاہتے ہیں افسوس ہے کہ اس معاملے میں نکمی قوۃ لگا کر خود اپنی کمزوری اور مہمل گوئی کا اقرار کرتے ہیں۔

قرآن شریف کی جن آیات میں اس کا مثل طلب کیا گیا ہے نہ کوئی تاریخ اس کے واسطے معین کی گئی ہے نہ اشخاص خاص کو نامزد کیا گیا ہے بلکہ قیامت تک کے واسطے ہر ایک شخص سے جو چاہے قرآن کی مثل ایک چھوٹی سے سورت لانے کا مطالبہ کیا گیا ہے حالانکہ قرآن شریف جو نثر میں ہے اس کی چھوٹی سورت پیسہ اخبار کی ایک یا ڈیڑھ سطر کے برابر ہوگی۔ اور بظاہر اسباب کلام نثر بہ نسبت نظم کے سہل ہوتا ہے۔ اور مطالبہ ان لوگوں سے کیا گیا جو کہ فصیح عربی بولتے تھے۔ بخلاف ہمارے مرزا صاحب کے جو کہ چند اردو بولنے والے صاحبوں سے ایک عربی کا نظم قصیدہ طلب فرماتے ہیں اور اس کے واسطے بھی ایک قلیل مدت کی قید لگاتے ہیں۔ حالانکہ ہمارے علماء میں بہت کم ایسے ہوں گے جنہوں نے کبھی شعر اردو یا عربی نظم کیا ہو۔ زیادہ مدت دینے میں خوف محسوس کرتے ہیں کہ کہیں میرے اعجاز کا تار و پود شکستہ نہ ہو جائے، ببیں تفاوت رہ از کجا است تا بکجا

پھر تماشا یہ کہ وہ عربی قصیدہ چھاپ کر اپنے پاس رکھ لیا ہے۔ پیسہ اخبار میں شائع

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


آپ اپنے دشمن کے سامنے۔ میرے خیال میں اس طرح مرنا مرزا صاحب کی کسرشان میں داخل ہے

جواب: آپ (مرزا) کی کسرشان اس سے نہیں ہوتی، بلکہ اس سے تو آپ کی عزت بڑھتی ہے۔ کیونکہ عبدالحکیم کے آپ کے بعد چند روز تک مہلت پانے میں دوحکمتیں تھیں، جو ہمارے حضرت اقدس کی عزو شان کا موجب ہوئیں اور عبدالحکیم کی ذلت ورسوائی کا۔

اول یہ کہ عبدالحکیم کو آپ کے بعد زندہ رہنے نے کوئی عزت نہیں بخشی بلکہ اور علاوہ اور خصوصیتوں کے اس خصوصیت نے اس کو مثیل مسیلمہ کذاب ثابت کیا ....... پھر علاوہ ان مشابہتوں کے ایک عددی مساوات کی مشابہت بھی مسیلمہ کی اس مسیلمہ ثانی (عبدالحکیم) میں پائی جاتی ہے۔ اس طرح پر کہ جتنے اعداد مسیلمہ کے نام کے ہیں اتنے ہی عبدالحکیم کے۔ یعنی مسیلمہ کے اعداد بھی ۱۸۵ ہیں اور عبدالحکیم کے بھی ۱۸۵۔ اخبار بدر قادیان ۳۱۔ اگست ۱۹۰۸ء ص ۱۲۔

قارئین غور فرمائیں کس طرح احمقوں کی آنکھوں میں دھول جھونکی جارہی ہے۔ لیکن مرزا غلام احمد قادیانی بہرحال اپنی زندگی میں سب پیش بندیاں فرما گئے تھے کیونکہ انہوں نے یہ بھی فرما رکھا تھا کہ خدا نے اپنی وحی میں میرا نام عبدالحکیم رکھا ہے۔ بہاء)

## ثناء اللہ کے قادیان نہ آنے کی پیش گوئی

اور ایک پیشینگوئی (الہامات مرزا۔ ص ۱۱۵ میں) یہ لکھی ہوئی ہے کہ مرزا قادیانی لکھتے ہیں:

واضح رہے مولوی ثناء اللہ کے ذریعہ سے عنقریب تین نشان میرے ظاہر ہوں گے ایک یہ ہے کہ وہ تمام پیشگوئیوں کی پڑتال کیلئے میرے پاس ہرگز نہ آئینگے اور سچی پیشگوئیوں کی اپنے قلم سے تصدیق کرنا ان کیلئے موت ہوگی (اعجاز احمدی۔ ص ۳۷)

یہ پیشین گوئی بھی جھوٹی ثابت ہوئی چنانچہ صرف پیش گوئی کی پڑتال اور تحقیق کے لئے مولوی ثناء اللہ قادیان گئے اور وہاں پہنچ کر مرزا قادیانی کے نام رقعہ لکھا جس کا ماحصل یہ ہے کہ

آپ نے اعجاز احمدی صفحہ ۲۳ میں جو لکھا ہے کہ اگر مولوی ثناء اللہ سچے ہیں تو قادیان آ کر کسی پیش گوئی کو جھوٹی ثابت کریں اور ہر ایک پیش گوئی کے لئے ایک سو روپیہ انعام دیئے جائیں گے۔ جس کے پندرہ ہزار روپے ہوتے ہیں اور ایک لاکھ روپیہ مریدوں سے دلوایا جائے گا اور آمدورفت کا کرایہ علیحدہ اور نیز آپ نے لکھا ہے کہ مولوی ثناء اللہ صاحب نے کہا تھا کہ سب پیش گوئیاں جھوٹی نکلیں اس لئے ہم مدعو کرتے ہیں اور خدا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


سطروں سے زیادہ نہ لکھیں نہ یہ کہ صم بکم بیٹھے رہیں، بلکہ صاف لفظوں میں بحث کی اجازت مل گئی تھی، تو مولوی صاحب کا بھی مباحثہ اسی اجازت میں شریک تھا کیونکہ اشتہار معیار الاخیار والی درخواست مباحثے کے بعد مولوی صاحب مباحثہ کے لئے گئے تھے۔ رہا منصفانہ مباحثہ سو یہ علم قبل از وقوع کیوں کر ہوا کہ مولوی صاحب منصفانہ مناظرہ نہ کریں گے۔ اگر کشف سے معلوم ہو گیا تھا تو اتمام حجت کے لئے صرف دو تین گھنٹے ان کی تقریر ایک مجمع میں سن لی جاتی اور اس کے بعد ثابت کیا جاتا کہ وہ تقریر ظالمانہ تھی جس سے اہل مجمع خود انصاف کر لیتے کہ کون حق پر ہے۔

عبدالقادر شکار پور سندھ کے سوالوں کے جواب میں مرزا صاحب لکھتے ہیں:

کرشن ہونے کا دعوی خدا تعالی کی وحی سے ہے ہر ایک ملک میں نبی ہوتے رہے ہیں پس یہ شرارت ہے کہ بغیر علم یقینی کے کرشن کو برا کہا جائے۔

میں نے ثناء اللہ کو ہرگز نہیں کہا کہ میرے مکان پر نہ آؤ۔ لعنۃ اللہ علی الکاذبین بلکہ خود ان آریہ سماج والوں کے مکان میں اترا جو ہمارے نبی ﷺ کو صدہا گالیاں نکالتے ہیں جن کے گندے رسالے اب تک موجود ہیں۔ ایک غیرت مند مومن کا کام نہیں کہ ایسے پلید گروہ دشمن اسلام کے گروہ میں اترے (ثناء اللہ تو آپ کو بھی دشمن اسلام ہی سمجھتا تھا۔ پھر آپکے مکان پر کیوں آتا، پھر آپ نے اسے اپنے مکان پر آنے کی دعوت بھی نہیں دی تھی، مباحثے کیلئے بلایا تھا جو کسی مسجد میں یا کسی اور جگہ ہونا تھا، اور یہ بھی ابھی طے کرنا باقی تھا کہ کہاں ہو، ظاہر ہے کہ دونوں کی رضا مندی سے مقام کا تعین ہونا تھا۔ بہاء) نہ میرے پاس وہ آیا، نہ آنے کی خواہش ظاہر کی۔ میں نے اس کو کب کہا کہ تم چوروں کی طرح میرے پاس آؤ۔ (اس کے مقابل یہ بھی نہیں کہا کہ اعلان کر کے اور خط لکھ کر آؤ۔ خط لکھ کر اور اعلان کر کے آنے میں تو خطرہ بھی تھا کہ ۱۱۔۱۲ میل کے اجاڑ بیابان راستے میں کہیں بھی اس کا راستہ روکنے کی آپ کا کوئی مرید کوشش کرے اور یوں آپ کی پیش گوئی کو سچا کر دے کہ ثناء اللہ نہیں آئے گا۔ بہاء) وہ ہرگز میرے پاس نہیں آیا (یہ بات آپ نے ثناء اللہ کے نام خطوط میں نہیں لکھی کہ وہاں کیوں اترے، بلکہ یہاں اترنا چاہیے تھا، اب بھی چلے آؤ۔ اس وقت آپ نے کسی قسم کا نہ اعتراض کیا نہ گھر آنے اور چائے وغیرہ کی دعوت دی۔ بہاء)..وہ میرے دروازے پر نہیں آیا، تا میں اس کی خاطر داری کرتا۔

(اخبار الحکم قادیان ۳۰ جون ۱۹۰۵ء ص ۱)

مرزا قادیانی کا مقصود اس قسم کے اشتہار سے یہی ہوا کرتا ہے کہ بالائی تدابیر سے کام نکالیں جن سے ناواقف معتقد ہو جائیں اور اگر کوئی مقابل ہو جائے تو پہلو تہی کرنے میں کون چیز

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

